Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 | ہفتہ، 14 اکتوبر 2023ء، 27 ربیع الاول 1445ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 166

عوام کا پیسہ عوام کی امانت ضائع نہیں کرینگے، وزیراعلیٰ

136 کیمرے، 35 کروڑ لاگت، 5 کروڑ کی بچت، ننکانہ صاحب میں سیف سٹی پراجیکٹ کا افتتاح کردیا، محسن نقوی کا سیف سٹی سنٹر کا دورہ، جدید کیمروں کی مدد سے شہر کی مانیٹرنگ و سرویلنس کا جائزہ لیا

فیصل آباد، گوجرانوالہ اور راولپنڈی میں سیف سٹی پراجیکٹس 100 ارب روپے سے بننے تھے، ہم 17 ارب روپے میں، 120 دن میں مکمل کرینگے، نگران وزیراعلیٰ پنجاب

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ سابق صدر اسحاق خان کی قبر پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے ننکانہ صاحب ماڈل تھانہ صدر میں قائم ہونے والے نئے سیف سٹی پراجیکٹ کا افتتاح کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سیف سٹی سنٹر کا دورہ کیا اور جدید کیمروں کی مدد سے شہر کی مانیٹرنگ کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نے سیف سٹی سنٹر میں سکرینوں پر ٹریفک کی آمدورفت اور سرویلنس کا معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے اینٹی گریڈ کمانڈ اینڈ (بقیہ نمبر 35)

انوارالحق کاکڑ کی سابق صدر غلام اسحاق کی قبر پر فاتحہ خوانی

شہید صفوت غیر نے ایک عظیم مقصد کے لئے جان کا نذرانہ دیا

وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی شہید کمانڈنٹ کی قبر بھی حاضری

پشاور (این این آئی) نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے سابق صدر غلام اسحاق خان کی قبر پر فاتحہ خوانی اور مرحوم کے بلندی درجات کے لیے دعا کی۔ وزیراعظم آفس میڈیا سے جاری اعلامیہ کے مطابق وزیراعظم نے سابق صدر کی قبر پر پھولوں کی چادر (بقیہ نمبر 34)

اسرائیل فلسطین پر مکمل قبضے کا منصوبہ بنا رہا ہے، شیری رحمان

پاکستان میں سیاست میں تو ہر ہفتے تبدیلی آتی ہے، نواز شریف کو وطن واپس آنا چاہیے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلزپارٹی کی رہنما شیری رحمان نے کہا ہے کہ اسرائیل فلسطین میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کررہا ہے، سیز فائر کیلئے عالمی سطح پر کوئی اقدامات نظر نہیں آرہے، اسرائیل فلسطین پر (بقیہ نمبر 38)

سیاسی استحکام سے ہی معاشی ترقی ہوگی، مریم نواز

نواز شریف مہنگائی سے نجات، پاکستان کی معاشی بحالی کا حل ساتھ لا رہا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سینئر نائب صدر و چیف آرگنائزر مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ سیاسی استحکام ہوگا تو معاشی ترقی ہوگی، نواز شریف مہنگائی سے نجات، پاکستان کی معاشی بحالی کا حل (بقیہ نمبر 37)

اسرائیل کا 11 لاکھ فلسطینیوں کو غزہ خالی کرنے کا الٹی میٹم

اتنی بڑی تعداد میں نقل مکانی آسان نہیں، اسرائیل غزہ کے شہریوں کو انخلا کا حکم واپس لے، اقوام متحدہ

یروشلم (اے ایف پی) اسرائیلی فوج نے 24 گھنٹے کے اندر تمام 11 لاکھ فلسطینیوں کو شمالی غزہ چھوڑ کر جنوبی غزہ جانے کا الٹی میٹم دے دیا ہے، غیر ملکی میڈیا کے مطابق تل ابیب کے متوقع زمینی حملے سے قبل ٹینک غزہ کی پٹی (بقیہ نمبر 36)

حکومت کے بروقت اقدامات کی وجہ سے امریکی ڈالر کی قیمت میں کمی آئی ہے نگران وزیراعظم

سمگلنگ کرپشن برداشت نہیں

اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام میں فوج کی جانب سے فراہم کی گئی مدد لائق تحسین ہے، امن وامان اور سیکورٹی کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں

خیبر پختونخواہ پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو مضبوط کرنے کے لیے بھرپور اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے، ہم کبھی اجازت نہیں دینگے کہ کوئی تنظیم یا جتھہ ہتھیار اٹھا کر ریاست کی رٹ کو چیلنج کرے، جلاس سے خطاب

پشاور (این این آئی) نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت کے بروقت اقدامات کی وجہ سے امریکی ڈالر کی قیمت میں کمی آئی ہے، اسمگلنگ اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام میں فوج کی جانب سے فراہم کی گئی مدد لائق تحسین ہے، امن وامان اور سیکورٹی کی صورت حال کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن وسائل بروئے کار لائے جائیں، خیبر پختونخواہ پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو مضبوط کرنے کے لیے بھرپور اقدامات (بقیہ نمبر 50)

صدر مملکت ڈاکٹر عارف محمود علوی چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کررہے ہیں

پاکستان سی پیک بھرپور فائدہ نہیں اٹھا سکا، وزیر نجکاری

اسلام آباد (پینانیوز) وزیر برائے نجکاری فواد حسن فواد نے کہا ہے کہ پاکستان چینی اقتصادی راہداری سے بھرپور فائدہ نہیں اٹھا سکا۔ وزیر برائے نجکاری فواد حسن فواد نے ایک تقریب سے خطاب (بقیہ نمبر 40)

چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف کو نشان امتیاز (ملٹری) عطا کیا

پروقار تقریب میں صدر مملکت عارف علوی نے نوید اشرف کو نشان امتیاز ملٹری عطا کیا

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے چیف آف نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف کو نشان امتیاز (ملٹری) سے نوازا ہے۔ اس حوالے سے ایک خصوصی اور پروقار تقریب جمعہ کو یہاں ایوان صدر میں منعقد ہوئی۔ تقریب میں نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ، جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی کے چیئرمین اور مسلح افواج سربراہوں کے (بقیہ نمبر 39)

پاک بحریہ نے ہمیشہ شجاعت کی داستانیں رقم کی ہیں، چیئرمین سینیٹ

آرمی اور ایئرفورس کی طرح پاکستان نیوی نے بھی ہمیشہ دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے، صادق سنجرانی

وطن عزیز کی سمندری حدود کے دفاع میں پاکستان نیوی کا کردار سنہری حروف سے لکھا جائے گا، ریئر ایڈمرل جاوید اقبال سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ پاک بحریہ کے جانبازوں نے ہمیشہ شجاعت کی داستانیں رقم کی ہیں، آرمی اور ایئرفورس کی طرح پاکستان نیوی نے بھی ہمیشہ دشمن کی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیا ہے۔ سینٹ سیکرٹریٹ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریئر ایڈمرل جاوید اقبال سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں (بقیہ نمبر 51)

نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی گوردوارہ جنم استھان میں سکھ برادری کیساتھ بیٹھ کر کھانا کھا رہے ہیں

موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ پلان کی تیاری شروع

گیس کمپنیوں کا گھریلو صارفین کیلئے صبح، دوپہر اور شام میں گیس کی لوڈ شیڈنگ نہ کرنے کا فیصلہ

زیرو ریٹڈ صنعتوں کو گیس کی لوڈ شیڈنگ سے مستثنیٰ کیے جانے کا امکان ہے، سی این جی سیکٹر کو گیس کی فراہمی دستیابی سے مشروط ہوگی

اسلام آباد (پینانیوز) گیس کمپنیوں نے موسم سرما میں گیس لوڈ مینجمنٹ پلان کی تیاری شروع کردی، گھریلو سیکٹر کے لیے صبح، دوپہر اور شام کے اوقات میں گیس کی لوڈ شیڈنگ نہیں کی جائے گی۔ موسم سرما میں گیس کی مقامی پیداوار 3 ارب 60 کروڑ کیوبک فٹ یومیہ رہنے کا امکان ہے جس میں 1 ارب کیوبک فٹ ایل این جی درآمد کرنے کی منصوبہ بندی کی جائے گی۔ ذرائع نے بتا (بقیہ نمبر 41)

الیکشن کمیشن کی ایک کروڑ 30 لاکھ افراد کے حق رائے دہی سے محروم ہونے کی تردید

اسلام آباد (پینانیوز) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ایک کروڑ 30 لاکھ ووٹرز کے حق رائے دہی سے محروم ہونے کی خبروں کی تردید کی ہے۔ الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 27 کے مطابق کسی بھی ووٹر کا اندراج اس کے شناختی کارڈ کے مطابق مستقل یا موجودہ پتے پر کیا جاتا ہے جس کا آبادی (بقیہ نمبر 44)

ملک بھر میں یوم یکجہتی فلسطین منایا گیا، مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی

فلسطین کے معاملہ پر اب فیصلہ کن مرحلہ آگیا، مولانا طاہر محمود اشرفی

لاہور (این این آئی) پاکستان علما کونسل کی اپیل پر ملک بھر میں یوم یکجہتی فلسطین منایا گیا۔ ملک بھر کی مساجد میں خطبات جمعہ میں مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ (بقیہ نمبر 42)

پاکستان معاشی بحالی کے سفر پر گامزن، شرح نمو 3.5 فیصد تک بہتر ہوگئی

ستمبر میں تجارتی خسارے میں 48.2 فیصد تک کمی آئی ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان معاشی بحالی کے سفر پر گامزن ہونے لگا جس کی شرح نمو میں بھی بہتری آنے لگی۔ تفصیلات کے مطابق مالی سال 2024 کے لیے شرح نمو 3.5 فیصد تک بہتر ہوگئی اور 2023 کے لیے یہ شرح 0.3 تھی۔ اگست 2023 (بقیہ نمبر 43)

سیالکوٹ واقعے کے ملزمان گرفتار کرلیے، آئی جی پنجاب

مسجد کے اندر فائرنگ کرکے 2 افراد کو شہید کیا گیا، بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کے ثبوت مل چکے ہیں

لاہور (پینانیوز) آئی جی پنجاب نے کہا ہے کہ سیالکوٹ واقعے کے ملزمان گرفتار کرلیے گئے ہیں، جس میں بیرونی ہاتھ ملوث ہونے کے ثبوت مل چکے ہیں۔ (بقیہ نمبر 57)

مسلم لیگ ن کی سینئر نائب صدر مریم نواز کارکنوں سے ملاقات کررہی ہیں

پبلک ویلیو اینڈ دی پوسٹ پینڈیمک سوسائٹی کی لانچنگ تقریب

سینٹر فار ایروا سپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد نے CASS کے مشیر برائے اقتصادی امور اور قومی ترقی ڈاکٹر عثمان چوہان کی تصنیف کردہ کتاب

اس لانچ کو ڈاکٹر چوہان کی گزشتہ پانچ سالوں میں چھٹی کتاب قرار دیا گیا ہے اور یہ ان کے پہلے کام کے عنوان 'پانڈیمک اینڈ پبلک ویلیو مینجمنٹ' سے منسلک ہے

معاشرے ایسے تبدیلیوں سے گزر رہے ہیں جو COVID-19 وبائی امراض کے بعد کی عکاسی کرتے ہیں، ڈاکٹر عثمان ڈبلیو چوہان

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینٹر فار ایروا سپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد نے CASS کے مشیر برائے اقتصادی امور اور قومی ترقی ڈاکٹر عثمان چوہان کی تصنیف کردہ کتاب 'پبلک ویلیو اینڈ دی پوسٹ پینڈیمک سوسائٹی' کے ورچوئل بک لانچ کی میزبانی کی اور اسے روبیلج کے ساتھ شائع کیا گیا۔ اس لانچ کو ڈاکٹر چوہان کی گزشتہ پانچ سالوں میں چھٹی کتاب (بقیہ نمبر 52)

سینٹر فار ایروا سپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS)، اسلام آباد کے زیر اہتمام ڈاکٹر عثمان چوہان کی تصنیف کردہ کتاب 'پبلک ویلیو اینڈ دی پوسٹ پینڈیمک سوسائٹی' کی تقریب رونمائی

افسران سے مساجد میں لیجا کر رشوت نہ لینے کا حلف لیا گیا

لاہور (این این آئی) وزارت توانائی نے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں کرپشن روکنے کیلیے انوکھا اقدام اٹھا لیا، بیسکو سمیت دیگر تقسیم کار کمپنیوں کے افسران سے رشوت نہ لینے کا حلف دینے کا فارم پر کرایا جارہا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ افسران کو مساجد میں لے جا کر رشوت نہ لینے کا حلف لیا گیا۔ بتایا گیا (بقیہ نمبر 53)

سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف فیصلہ چیلنج، نظر ثانی اپیل دائر

ایڈووکیٹ فاروق ایچ نائیک نے عبدالجبار کی طرف سے فیصلہ چیلنج کیا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف فیصلہ چیلنج کردیا گیا، نیب ترامیم فیصلہ کیخلاف نظر ثانی اپیل دائر کردی گئی۔ ایڈووکیٹ فاروق ایچ نائیک نے عبدالجبار کی طرف سے فیصلہ چیلنج کیا، درخواست گزار کی جانب سے (بقیہ نمبر 58)

CPNE وفد کی PIO ڈاکٹر طارق محمود خان سے ملاقات

سی پی این ای وفد نے پرنسپل انفارمیشن آفیسر کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر ڈاکٹر طارق محمود خان کو مبارکباد پیش کی

پرنسپل انفارمیشن آفیسر ڈاکٹر طارق محمود خان نے نہ صرف وفد کے مسائل سنے بلکہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین بھی دہانی کرائی

اسلام آباد (این این آئی) کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (CPNE) کے وفد نے سینئر نائب صدر انور ساجدی، سیکرٹری جنرل اعزاز الحق کی قیادت میں پرنسپل انفارمیشن آفیسر ڈاکٹر طارق محمود خان سے ملاقات کی۔ وفد نے پرنسپل انفارمیشن آفیسر کی نئی ذمہ داریاں سنبھالنے پر ڈاکٹر طارق محمود خان کو مبارکباد دی اور انہیں ملک میں پرنٹ میڈیا کو درپیش چیلنجز اور مسائل سے آگاہ (بقیہ نمبر 45)

جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس، پرویز الٰہی کے ریمانڈ میں توسیع

پی ٹی آئی نہیں چھوڑوں گا اور جیل اسی لیے کاٹ رہا ہوں، مجھے کوئی مشکل نہیں، ٹھیک ہوں خدا کا شکر ہے

چیئرمین پی ٹی آئی کے بغیر الیکشن کی کوئی حیثیت نہیں، چیئرمین اور وائس چیئرمین سائفر کیس میں سرخرو ہوں گے، پرویز الٰہی

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد کی انسداد دہشتگردی عدالت نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کے جوڈیشل ریمانڈ میں 24 اکتوبر تک توسیع کردی، جوڈیشل کمپلیکس حملہ کیس میں اے ٹی سی جج ابوالحسنات ذوالقرنین کی رخصت کے باعث سابق وزیراعلیٰ پنجاب کو ڈویژنل جج شاہ رخ ارجمند کی عدالت میں پیش کیا گیا، پرویز الٰہی کی جانب سے وکیل عبدالرازق عدالت (بقیہ نمبر 59)

کسٹم کمشنر کراچی کی ایسوسی ایشن آف کسٹم آفیسرز (CASS) کے ساتھ ملاقات

بجلی چوری آپریشن، بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں میں ایف آئی اے افسران تعینات

اسلام آباد (این این آئی) بجلی کی چوری میں تقسیم کار کمپنیوں کے افسران، ملازمین اور بجلی چوروں کا گٹھ جوڑ توڑنے کیلیے بجلی کمپنیوں میں ایف آئی اے افسران تعینات کردیے گئے۔ وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے 3 افسران کی تعیناتیوں کا (بقیہ نمبر 46)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان سنٹرل پولیس آفس میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل لاہور میں گینگ آف 5 سامنے آگیا

ایف آئی اے افسران کا شہری کو اغوا کرکے 3 کروڑ روپے تاوان لینے کا انکشاف

لاہور (پینانیوز) ایف آئی اے سائبر کرائم سرکل لاہور میں گینگ آف 5 سامنے آگیا، سائبر کرائم میں کنٹریکٹ پر تعینات انسپکٹوز کی جانب سے شہری کو (بقیہ نمبر 48)

پی آر اے نے ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی شروع کردی

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے ٹیکس نادہندگان کے خلاف کارروائی شروع کردی۔ وائپڈ اٹاؤن میں واقع بیوٹی سلونز کو ٹیکس کی ادائیگی نہ کرنے پر سربمہر کردیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پی آر اے کی (بقیہ نمبر 47)

کزن نے جائیداد کی خاطر اجرتی قاتل کے ذریعے کزن کو قتل کروادیا

ملزم نوید نے شکیل کو قتل کروانے کے لیے اجرتی قاتل عدنان کو 9 لاکھ روپے کی سپاری دی

گوجرخان (قمر شہزاد) خون سفید ہو گیا زمین کے تنازع پر بیرون ملک مقیم کزن نے اجرتی قاتل کے ذریعے کزن کو ابدی نیند سلا دیا پولیس تھانہ گوجر (بقیہ نمبر 54)

غیر قانونی غیر ملکی افراد
کے لیے مہلت
دن باقی
17
@GovtofPakistan

پیٹرول کی قیمت نمایاں کمی کے بعد 300 روپے سے نیچے آنے کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں آنے والے جائزے میں کم ہوکر 300 روپے سے نیچے آنے کا امکان ہیں، جس کی وجہ تیل کی عالمی قیمتوں میں نمایاں کمی اور پاکستانی کرنسی کی قدر (بقیہ نمبر 61)

پاسپورٹ کیلئے لیمینیشن پیپر آج پاکستان پہنچنے کا امکان

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پاسپورٹ نے کہا ہے کہ پاسپورٹ کے لئے لیمینیشن پیپر آج (ہفتہ) تک پاکستان پہنچنے کا امکان ہے اور آئندہ ہفتے سے پاسپورٹ کی تیاری کا کام شروع ہو سکے گا۔ بتایا گیا ہے کہ لیمینیشن پیپر کی عدم دستیابی (بقیہ نمبر 63)

جو غیر قانونی مقیم یکم نومبر تک جانا چاہتا ہے چلا جائے، سرفراز بگٹی

یہ صرف افغان پیڈ پالیسی نہیں، یہ پالیسی غیر قانونی ایلین کے بارے میں ہے

اسلام آباد (این این آئی) نگران وزیر داخلہ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان میں غیر قانونی تارکین وطن میں سے جو یکم نومبر تک جانا چاہتا ہے چلا جائے اس کے بعد نو کیپر وہ مائز ہوگا۔ افغان شہریوں کے حوالے سے جاری بیان میں نگران وزیر داخلہ (بقیہ نمبر 60)

کھیلیں صحت مند جسم کیلئے کلیدی حیثیت رکھتی ہیں، ایس پی شہباز عالم

جسم کو تندرست رکھنے کے لیے ہمہ قسم کی کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں میں حصہ لیں

حبیب آباد (محمد عرباض نعیم) تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ میں منعقدہ سالانہ انٹرا سیکٹر کھیلوں میں کرکٹ، فٹ بال، والی بال، بیڈمنٹن، ٹیبل ٹینس اور رسہ کشی سمیت اتھلیٹکس کے مقابلوں میں سیکٹر بھر کے کھلاڑیوں نے حصہ لیا۔ آخری روز فائنلو (بقیہ نمبر 62)

اوکاڑہ میں منعقدہ سالانہ انٹرا سیکٹر کھیلوں میں مہمان خصوصی ایس پی سیکٹر کمانڈر شہباز عالم جیتنے والی ٹیموں اور کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کررہے ہیں

کیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن زور و شور سے جاری

گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 208 گیس کنکشن منقطع

1586 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئے اور 2 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

غیر قانونی کنکشن کے خلاف کی گئی کارروائی

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) گیس چوری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 208 گیس کنکشن منقطع، 1586 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کئے گئے اور 2 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 208 گیس کنکشن منقطع کردیے، 1586 انڈر بلنگ کیسز اندراج/ پروسیس کردیے گئے۔ گیس چوری میں ملوث افراد پر 2 کروڑ 16 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کردیے (بقیہ نمبر 49)

گورنمنٹ مسلم ہائیر سیکنڈری سکول سے گوجرخان کچہری چوک احتجاجی ریلی

مطالبات نہ مانے گئے تو سٹوڈنٹس اور انکے والدین سمیت احتجاج کیلئے نکلیں گے، اساتذہ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں بھی پنجاب بھر کی طرح احتجاجی مظاہرہ تحصیل بھر کے اساتذہ، بلدیہ ملازمین اور دیگر سرکاری اداروں کے ملازمین کا لیو (بقیہ نمبر 55)

ایف بی آر کے افسران کو 140 فیصد ہیڈ کوارٹر الاؤنس دینے کا فیصلہ

ایف بی آر کے گریڈ 17 تا 22 کے افسران کو ہیڈ کوارٹر الاؤنس فراہم کرنے کی منظوری

اسلام آباد (پینانیوز) وفاقی حکومت نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے گریڈ 17 تا 22 کے 305 سے زائد افسران کو 140 فیصد ایف بی (بقیہ نمبر 56)

جعلی، غیر رجسٹرڈ ادویات کے کاروبار میں ملوث ملزم گرفتار

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل لاہور نے کارروائی کرکے جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات کے کاروبار میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے لاہور زون سرفراز ورک کی ہدایت اور ڈپٹی ڈائریکٹر ملک سکندر حیات کی نگرانی میں جعلی اور غیر رجسٹرڈ ادویات کی پیداوار، ترسیل اور کاروبار میں ملوث افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف عمر فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

غزہ میں جنم لیتے انسانی المیئے اور اقوامِ عالم کی ذمہ داری

اسرائیل کی فلسطین میں جارحیت کا سلسلہ جاری ہے، اسرائیلی افواج بلا امتیاز رہائشی عمارتوں' خواتین اور بچوں کو بھی نشانہ بنا رہی ہیں' مغربی کنارے میں اسرائیل سے تازہ جھڑپوں میں 23 فلسطینی شہید' 130 زخمی ہوئے۔ اقوام متحدہ کے ایک ادارے نے بتایا کہ غزہ پر اسرائیلی فضائی حملوں میں اقوام متحدہ کے 9 ملازمین ہلاک ہو چکے ہیں۔ اسرائیل فلسطین کشیدگی پر قاہرہ میں عرب لیگ وزرائے خارجہ کا ہنگامی اجلاس ہوا۔ عرب لیگ نے مطالبہ کیا ہے کہ اسرائیل اپنی عالمی ذمہ داریاں پوری کرے۔ اسرائیل فلسطین کے ساتھ امن بحال کرے۔ ترجمان امریکی قومی سلامتی جان کربی نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ شمالی اسرائیل پر لبنان سے راکٹ حملے پریشان کن ہیں۔ امریکہ اسرائیل فلسطین کشیدگی کو دور کے علاقوں تک پھیلتا نہیں دیکھنا چاہتا۔ دوسری جانب روسی صدر نے کہا ہے کہ امریکہ نے مشرق وسطیٰ میں بحری بیڑے بھیج کر بحران کو مزید بگاڑا ہے۔ روس فلسطینی ریاست کے قیام کی حمایت کرتا ہے۔ اسرائیلی فورسز غزہ میں فاسفورس بموں کا استعمال کر رہی ہے۔ اقوام متحدہ اور او آئی سی سمیت دیگر انسانی حقوق کی تنظیموں کی جانب سے فریقین سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا گیا ہے تاہم اسرائیلی فوج کے ترجمان کا کہنا ہے کہ ہم ہر صورت غزہ پر حملے جاری رکھیں گے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر نے اسرائیل کو ساتھ دینے کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ حملوں کا جواب دینا اسرائیل کا حق اور فرض ہے۔

فلسطین اور اسرائیل کی جنگ شاید اتنی گھمبیر صورتحال اختیار نہیں کرتی اگر امریکہ اسرائیل کی پشت پناہی نہ کرتا۔ ایک ذمہ دار ملک ہونے کے ناطے اسے معاملہ فہمی سے کام لیتے ہوئے دونوں کے مابین مذاکرات کی راہ ہموار کرنی چاہیے تھی مگر اس نے اسرائیل کا بھرپور ساتھ دیکر اس آگ کو مزید بھڑکا دیا جس سے حالات سنبھلنے کے بجائے مزید گھمبیر ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ اسی تناظر میں عرب لیگ کے وزرائے خارجہ نے امریکہ پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکہ نے اسرائیل کی مدد کر کے معاملے کو مزید خراب کر دیا ہے۔ اس وقت تمام مغربی ممالک اسرائیل کی پشت پر کھڑے ہیں جبکہ مسلم امہ اب بھی مصلحتوں کا شکار نظر آ رہی ہے۔ اگر امریکی لے پالک ریاست اسرائیل کی دہشت گردی کی حمایت میں الحادی قوتیں متحد ہو سکتی ہیں تو مسلمان ممالک کے متحد ہونے میں کیا امر مانع ہے۔ اس وقت عرب لیگ سمیت تمام مسلم قیادتوں کو مصلحتوں کا لبادہ اتار کر مظلوم فلسطینیوں کے ہاتھ مضبوط کرنے چاہئیں۔ اصولی طور پر تو یہ ذمہ داری اقوام متحدہ پر عائد ہوتی ہے۔

جھوٹ

تحریر: عالمہ حفصہ عالم، کراچی

معزز قارئین: جھوٹ اخلاقی برائیوں میں سب سے زیادہ قبیح ہے کہ جھوٹ بولنے والے کی کوء عزت نہیں رہتی بلکہ جھوٹے شخص کو ایک جھوٹ بولنے کے بعد اس جھوٹ کو چھپانے کے لیئے مزید جھوٹ بولنے پڑ جاتے ہیں لیکن پھر بھی وہ اپنی بات کو ثابت نہیں کر پاتا جھوٹ کی تعریف یہ ہے کہ حقیقت کے برعکس بات کرنا یہ کبیرہ گناہوں میں سے ایک گناہ بھی ہے جھوٹ گناہوں کی چابی اور ایمان کی تباہی کا سبب ہے احادیث مبارکہ میں جھوٹ بولنے کے دنیوی واخروی نقصانات بیان کیئے گ؟ ہیں کہ جب بندہ جھوٹ بولتا ہے اس کی بدبو سے فرِشتہ ایک مِیل دور ہو جاتا ہے۔ (ترمذی)

لوگوں کو ہنسانے کیلیے جھوٹ بولنے والے کیلیئے ہلاکت ہے۔ (ترمذی)

جھوٹی بات کہنا کبیرہ گناہ ہے۔ (معجم کبیر)

سب سے پہلا جھوٹ شیطان نے بولا کہ حضرت آدم علیہ السلام سے کہا میں تمہارا خیر خواہ ہوں۔

حضرت صفوان بن سلیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اللہ کے رسول ﷺ سے پوچھا گیا: کیا مومن بزدل ہوسکتا ہے؟ آپ نے جواب دیا: ہاں۔ پھر سوال کیا گیا: کیا مسلمان بخیل ہوسکتا ہے؟ آپ نیجواب دیا: ہاں۔ پھر عرض کیا گیا: کیا مسلمان جھوٹا ہوسکتا ہے؟ آپ نے جواب دیا: نہیں (اہلِ ایمان جھوٹ نہیں بول سکتا)۔۔۔

بعض صورتیں ایسی جب میں شریعت کی حدود کا خیال کرتے ہو؟ جھوٹ بولنا جائز ہیں ان میں سے چند صورتیں یہ ہیں

جب انسان اپنی یا کسی دوسرے مسلمان کی جان بچانے کے لیے جھوٹ بولنے پر مجبور ہو جائے اور جان بچانے کے لئے اس کے علاوہ اور کوئی راستہ نہ ہو دوسرا موقع یہ ہے کہ دو بندوں میں صلح کرانے کی غرض سے جھوٹ بولنا پڑ جائے اور جھوٹ کے بغیر صلح ممکن نہ ہو تو جھوٹی بات کہہ کر ان دونوں میں صلح کرا دینا جائز ہے اور تیسرا موقع جہاں پر جھوٹ کی اجازت ہے وہ میاں بیوی کی باہمی گفتگو کے اوقات ہیں کہ میاں، بیوی میں سے ہر ایک کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ ایک دوسرے کو خوش کرنے کے لئے ایسی بات کہہ دے جو خلاف واقعہ ہو۔

لہذا کوشش یہ کی جا؟ کہ جھوٹ بولنے سے بچا جا؟ اور دوسروں کو بھی بچنے کہ ترغیب دی جا؟ اللہ عزوجل ہم سب کو جھوٹ جیسی اخلاقی براء سے محفوظ فرمائے آمین یارب العالمین

ڈپریشن سے ذیابیطس ہونے کا بھی انکشاف

ایک جامع تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ ذہنی تناؤ یا ڈپریشن سے جہاں دیگر متعدد طبی پیچیدگیاں ہوسکتی ہیں، وہیں اس سے ذیابیطس ہونے کا بھی خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ ماہرین نے ڈیڑھ لاکھ افراد کے طبی ڈیٹا کا جائزہ لینے سمیت ان سے سوالات کرنے کے بعد نتیجہ اخذ کیا کہ ڈپریشن کے شکار افراد میں 60 فیصد تک ذیابیطس ہونے کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ طبی جریدے 'ذیابیطس کیئر' میں شائع تحقیق کے مطابق برطانوی ماہرین نے یوکے ڈیٹا بینک سے لیے گئے ڈیڑھ لاکھ افراد کی طبی رپورٹس سمیت انہیں ہونے والی پیچیدگیوں کا جائزہ لیا اور پھر ان سے سوالات بھی کیے۔ ماہرین نے ڈیٹا کا جائزہ لینے اور رضاکاروں سے سوالات کرنے کے بعد نتیجہ اخذ کیا کہ مذکورہ افراد میں سے 19 ہزار سے زائد لوگ ذیابیطس ٹائپ ٹو کا شکار بن چکے تھے۔ ماہرین کے مطابق ڈپریشن سے جسمانی تبدیلیوں سمیت اندرونی اعضا کی تبدیلیاں ہونے سے ممکنہ طور پر ذیابیطس ہونے کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق تحقیق کے دوران معلوم ہوا کہ انسان میں 7 ایسے جینز ہوتے ہیں جو ڈپریشن اور ذیابیطس میں مشترک ہیں، یعنی مذکورہ ساتوں جینز سے دونوں بیماریاں اور پیچیدگیاں بڑھ جاتی ہیں۔ ماہرین کے مطابق دماغ، لبلبے، معدے اور جسم کے دیگر حصوں میں ڈپریشن سے ورم پیدا ہونے کے بعد وزن بڑھ جانے سے ممکنہ طور پر ڈپریشن کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق مذکورہ معاملے پر مزید تحقیق کی ضرورت ہے لیکن نتائج سے معلوم ہوا کہ ڈپریشن کے شکار افراد میں ذیابیطس ٹائپ ٹو میں مبتلا ہونے کے امکانات 25 سے 60 فیصد تک بڑھ جاتے ہیں۔ اس سے قبل ڈپریشن پر کی جانے والی متعدد تحقیقات میں بتایا جا چکا ہے۔

قیدی

میرا تجسس پورے جوبن پر تھا میری حسیات بیدار ہو چکی تھیں اور میں حیرت سے چاروں طرف ہزاروں قیدیوں کو دیکھ رہا تھا انسان اور اس کی نفسیات اور رجحانات بچپن سے میرے پسندیدہ موضوعات رہے ہیں انسان اِس دنیا میں آنے کے بعد اپنی پرورش مزاج اور ماحول کے تحت مختلف قسم کے اظہار کرتا ہے نیکی کرے تو فرشتے وضو کریں برائی کرے تو شیطان بھی پناہ مانگے اگر آپ حضرت انسان کے رنگوں کا مطالعہ کریں تو یقیناً حیرت میں ڈوب جائیں گے کہ انسان یہ بھی کر سکتا ہے کہ میرے چاروں طرف مختلف انسانوں کا سیلاب آیا ہوا تھا میں خوش تھا کہ آج اونچی دیواروں کے پیچھے بیرکوں میں بسنے والی قیدی مخلوق کے مشاہدے کا موقع ملا ہے مختلف عمروں اور جسموں کے قیدی چاروں طرف تھے سپرنٹنڈنٹ صاحب میرے چاہنے والے تھے اب میں ان سے قیدیوں کی معلومات لے رہا تھا کہ کس علاقے ذات کے لوگ زیادہ جرائم کرتے ہیں ان جرائم کے اسباب کیا ہیں۔ جیل میں آ کر اِن مجرموں پر کیا اثرات پڑتے ہیں اپنی متجسس فطرت کے باعث مجبور ہو کر میں نے بہت سارے قیدیوں سے بات چیت بھی کی میری بات چیت اور جیل کے عملے کی معلومات کے بعد جو حیران کن انکشاف ہوا وہ یہ کہ زیادہ تر قیدی چھوٹے موٹے جرائم میں عرصہ دراز سے جیل میں پڑے ہوئے تھے بے شمار قیدیوں کی سزائیں ختم ہو چکی تھیں بے شمار غربت کی وجہ سے قانونی مشاورت اور مدد نہ لینے کی وجہ سے قیدی تھے قیدیوں میں اکثریت کمی کمین انسانوں کی تھی موچی ترکھان جولاہے مصلی تیلی مزارع ان قیدیوں میں بڑی ذاتوں کے لوگ بہت کم تھے مل اور سیاستدان بڑے مذہبی راہنما اعلیٰ سرکاری افسران کیا یہ لوگ جرائم نہیں کرتے کیا پاکستان کی عدالتیں اور پولیس ان لوگوں پر گرفت نہیں کرتی کیا یہ لوگ کسی عدالت سے سزا یافتہ ہو کر جیل نہیں آتے کیا اپر کلاس طبقے میں جرائم نہیں ہوتے کیا وہ لڑائی جھگڑے نہیں کرتے کیا وہ دوسروں پر ظلم نہیں کرتے میں نے شدید حیرت کا اظہار کیا تو سپرنٹنڈنٹ صاحب نے کمرے میں چائے کا کپ میرے ہاتھ میں تھمایا بسکٹ کی پلیٹ میری طرف سرکاتے ہوئے زوردار قہقہہ لگایا اور میری آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا پروفیسر صاحب یہ حال صرف اِس جیل کا نہیں ہے آپ پاکستان کی کسی بھی جیل کا وزٹ کر لیں آپ کو ایسے ہی اعداد و شمار ملیں گے پاکستان کی تمام جیلوں کا حال ایسا ہی ہے آپ پاکستان کی کسی بھی جیل میں چلے جائیں آپ کو اپر کلاس کا مجرم نہیں ملے گا۔ میں نے چائے کا کپ میز پر رکھا اور اس کی طرف سوالیہ نظروں سے گھورنا شروع کر دیا اس نے گرم چائے کا گھونٹ اپنے حلق میں انڈھیلا اور بولا جناب وجہ صاف ہے کہ پاکستان میں با اثر اور دولت مند لوگ تھانیدار اور تھانے کو خرید کر بری ہو جاتے ہیں وہ علاقے کے تھانیدار کو اپنا ذاتی چوکیدار سمجھتے ہیں جو تھانیدار ان کے ٹکڑوں پر پلے گا وہ ان کو کیسے پکڑے گا اور اگر کوئی ایسا جرم ہو جائے جو تھانیدار ہضم نہ کر سکتا ہو تو یہ اپنی جگہ اپنا کوئی ملازم پولیس کو پیش کر کے اپنا دامن چھڑا لیتے ہیں جج سے اپنی مرضی کے فیصلے لیتے ہیں اگر جج اِن کی بات نہ مانے تو یہ لاکھوں روپے دے کر چوٹی کا وکیل کرتے ہیں یا ایسے وکیل جو ججوں کے قریبی ہوتے ہیں اگر یہ فارمولا بھی کام نہ کرے تو گواہوں کو خرید لیتے ہیں یا گواہوں کو اغوا اور مارنے کی دھمکیاں دے کر اپنی مرضی کی شہادتیں دلاتے ہیں مجھے آج بھی ایک وکیل صاحب یاد ہیں جب میرے جاننے والے نے ان سے کہا کہ وہ کرائے کے مکان میں رہتے ہیں مالک مکان مجھے گھر سے نکالنا چاہتا ہے میں صرف چھ ماہ مزید رہنا چاہتا ہوں تو وکیل صاحب نے کہا کہ آپ چھ ماہ نہیں 6 سال بلکہ بیس سال رہیں اور پھر یہی ہوا چند سال بعد ہی مالک مکان نے آ کر ہاتھ جوڑ دیئے تو کرائے دار پیسے لے کر گھر سے نکلا پاکستان میں با اثر لوگ اگر تمام چالاکیوں کے باوجود قابو آ جائیں ان کو سزا ہو جائے تو یہ جیل کو ہی فائیو سٹار ہوٹل میں تبدیل کرا لیتے ہیں پھانسی کو عمر قید اور عمر قید کو قبل از وقت رہائی میں بدل لیتے ہیں اپنے اِن ہتھکنڈوں کی بدولت یہ جیلوں سے دور رہتے ہیں جرم کرنے کے باوجود آپ کو جیلوں میں اپر کلاس کے لوگ نظر نہیں آئیں گے۔ جیلوں میں بھرے ہوئے قیدیوں کی اکثریت ایسی ہے جو اپنی غربت کی وجہ سے چھوٹے خاندان کا فرد ہونے کی وجہ سے کسی بڑے بندے سے تعلقات نہ ہونے کی وجہ سے اِن اونچی دیواروں کے پیچھے ٹھنڈی بیرکوں اور کال کوٹھریوں میں قید ہیں اِن کا جرم گناہ صرف غربت ہے ہم مان لیتے ہیں کہ اِن جیلوں میں موجود قیدیوں نے چھوٹے موٹے جرائم کیئے ہیں مثلاً مسجد سے جوتے چرائے کسی دوکان سے کوئی عام چیز چرائی کسی کی جیب کاٹتے ہوئے آپ ان کو سزائیں ضرور دیں تا کہ صحت مند جرائم سے پاک صحت مند معاشرے کی تشکیل ہو سکے لیکن وطن عزیز میں با اثر اور طاقت ور لوگوں کو کیوں نہیں پکڑتے جو انسانوں کو اپنے ڈیروں پر جانوروں اور کتوں کی طرح باندھتے ہیں غلاموں کی طرح ہانکتے ہیں نسل در نسل اِن بیچاروں کو قیدی بنا کر رکھتے ہیں اگر کبھی بھول کر اِن بیچاروں سے کوئی غلطی ہو جائے تو اِن کو چٹیوں میں زندہ جلا دیا جاتا ہے زمین میں زندہ دفن کر دیا جاتا ہے پتھر باندھ کر نہروں میں زندہ بہا دیا جاتا ہے ان انسانوں کو بول براز پینے پر مجبور کر دیا جاتا ہے اِن کی نوجوان لڑکیوں کو اپنے حرم میں کس لیا جاتا ہے جامعہ ہونے پر سانسیں قبض کر لی جاتی ہیں ہمارے معاشرے کے طاقتور عیاش لوگ اربوں روپے کی غیر ملکی شراب پی جاتے ہیں اربوں روپے جوئے میں ہار جاتے ہیں جن کے منشیات کے اڈے نوجوانوں میں موت کا زہر اتارتے ہیں جو شریف کاروباری لوگوں سے جگا ٹیکس وصول کرتے ہیں جو سر عام اجتماعی آبروریزی کے تماشے لگاتے ہیں جو یتیموں بیواؤں کی جائیدادوں پر قبضے کرتے ہیں جو تھانوں چوکیوں میں اپنے نوکروں کو بھرتی کروا کر چوکیداری پر مجبور کرتے ہیں جو نوجوان لڑکیوں کو ننگا ناچ کرنے پر مجبور کرتے ہیں جو اربوں ڈالر ماڈلوں کے ذریعے ملک سے باہر بھیجتے ہیں۔ لوگوں کی ٹانگوں پر بم باندھ کر جگا ٹیکس لیتے ہیں جو اپنے حلقے اور شہر میں اپنی مرضی کے غلام افسر لگوا کر ہلاکو خان بنتے ہیں خواتین ملازموں کو دور دراز ٹرانسفر کرواتے ہیں تا کہ وہ ان کے بیڈ روم تک آئیں تو تبادلہ واپس ہو جو بنکوں کے بنک ڈکار گئے جن کی رگوں میں خون کی بجائے منشیات کا رنگ ہو تھانے عدالتیں جن کے گھر کی لونڈیاں ہوں ایسے تمام مجرم تو آزاد ہیں اور جو مسجدوں سے جوتے چوری کریں کسی دوکان سے یا گھر سے عام سستی چیز چرالیں ان کو کال کوٹھڑیوں میں بند کر کے چکی پیسنے پر مجبور کر دیں کوڑے لگوائیں پھانسیاں چڑھیائیں انصاف کے نعرے ماریں اپنے زرخرید بھکاری درباری کالم نویسوں سے اپنی شان میں کالم لکھوائیں کیا ہماری عدالتیں صرف ان غریبوں کے لئے ہی رہ گئی ہیں جو ان کے بیلنے میں آ کر پھنس گئے ہیں کیا پاکستان میں کوئی ایسی عدالت ہے جو نسل در نسل پاکستان کو لوٹنے والوں کو پکڑ سکے جو غریبوں کو پکڑنے کی بجائے کسی طاقت ور کو بھی پکڑے کیا پاکستان صرف با اثر دولت مندوں کا ملک ہے اور یہاں پر غربت کے قیدی ہی قابل گرفت ہیں جو غربت کے ہاتھوں مجبور ہو کر چھوٹا موٹا جرم کر کے جیلوں میں بھر دیے جاتے ہیں کاش یہ سلوک با اثر لوگوں کے ساتھ بھی ہو۔

☆☆☆☆☆☆☆

گہری نیند خون کی گردش سمیت مجموعی قلبی نظام کو بہتر بناتی ہے

نیند انسانی زندگی کا ایک اہم پہلو ہے۔ گہری نیند مجموعی صحت کے لیے خاص طور پر اہم ہے۔ نیند کے اس مرحلے کے دوران دماغ تندرست ہوتا ہے اور باقی جسم بھی اس کے بعد تازہ دم ہو جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق حال ہی میں ای ٹی ایچ زیورخ اور یونیورسٹی آف زیورخ کے محققین نے یہ ظاہر کیا ہے کہ گہری نیند میں اضافہ قلبی نظام کے لیے خاص طور پر فائدہ مند ہے۔ گہری نیند کے دوران خاص طور پر دل کے بائیں ویں ٹرکل حصے کے سکڑنے اور آرام دہ ہونے کا سبب بنتا ہے۔ علاوہ ازیں گہری نیند کے نتیجے کے دل خون کو گردشی نظام میں زیادہ موثر طریقے سے پمپ کرتا ہے۔ دل کا بایاں ویں ٹرکل شریانوں کے ذریعے زیادہ تر اعضاء اور دماغ کو آکسیجن سے بھرپور خون فراہم کرتا ہے۔ خون پمپ کیے جانے کے دوران جب دل سکڑتا ہے تو بائیں ویں ٹرکل نچڑتا ہے اور گیلے اسفنج کی طرح خون باہر نکالتا ہے۔ یہ عمل جتنا زیادہ طاقتور ہوتا ہے اتنی ہی خون گردش موثر ہوتی ہے اور دل میں اتنا ہی کم خون رہتا ہے۔ اس سے خون کے بہاؤ میں اضافہ ہوتا ہے جس کا قلبی نظام پر مثبت اثر پڑتا ہے۔ یونیورسٹی اسپتال زیورخ میں کارڈیالوجی کے سینئر کنسلٹنٹ کرسچن شمائیڈ کی قیادت میں دل کے ماہرین کی ایک ٹیم نے اسے ثابت کرنے کے لیے ایکو کارڈیوگرافی کا استعمال کیا جس میں گہری نیند کے دوران دماغی لہروں میں اضافہ کارڈیک فنکشن کو بہتر بناتا ہے۔ مذکورہ بالا مطالعہ حال ہی میں 'یورپی ہارٹ' جرنل میں شائع ہوا تھا۔

SHOWBIZ شوبز

اکشے کمار کا اپنی 14 فلمیں فلاپ ہونے کا انکشاف

کینیڈین شہریت کی وجہ سے بھارت میں کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا



ممبئی (سی ایم نکس) بالی ووڈ کو ایک کے بعد ایک سُپر ہٹ فلمیں دینے والے اسٹار اکشے کمار نے انکشاف کیا ہے کہ ماضی میں اُن کی لگاتار 14 فلمیں فلاپ ہوئی تھیں۔ حال ہی میں بھارتی میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں اکشے کمار نے کینیڈا کی شہریت لینے کے حوالے سے بات کی کیونکہ اداکار کو اُن کی کینیڈین شہریت کی وجہ سے بھارت میں کافی تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ اکشے کمار نے کہا کہ 'ماضی میں ایک وقت ایسا آیا تھا، جب میری 13 سے 14 فلمیں فلاپ ہوئیں، اس وقت کینیڈا میں مقیم میرے دوست نے مجھے اُس کے پاس کینیڈا آنے کا مشورہ دیا'۔ اداکار نے کہا کہ 'میرے دوست نے پیشکش کی تھی۔

'سادہ شادی پر فنکشنز 11'، ماہرہ خان کی شادی پر تبصرہ

ماہرہ خان کی شادی تو ایمن اور نیب کی شادی سے بھی لمبی چل رہی ہے

کراچی (این این آئی) حال ہی میں رشتہ؟ ازدواج میں منسلک ہونے والی پاکستان شوبز انڈسٹری کی سُپر اسٹار ماہرہ خان کی سوشل میڈیا پر ایک کے بعد ایک شادی کی مختلف تقریبات کی تصاویر آنے پر ایک صارف نے دلچسپ تبصرہ کیا ہے۔ فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ پلیٹ فارم پر اداکارہ نے شادی سے قبل منعقد ہونے والی تقریبات کی چند نئی تصاویر شیئر کی ہیں جن میں 'مہندی لگائی' کی تقریب بھی شامل ہے۔ ماہرہ خان کی جانب سے انسٹا اکاؤنٹ پر پوسٹ کی گئی حالیہ تصویر میں انہیں پیلے رنگ کے جوڑے میں دیکھا جا سکتا ہے جبکہ ان کے ہاتھوں پر مہندی بھی لگی ہوئی ہے۔ مذکورہ پوسٹ کے کیپشن میں انہوں نے بتایا ہے کہ یہ تصاویر 30 ستمبر کو منعقد کی گئی تقریب کی ہیں، جس میں انہیں مہندی لگائی گئی جبکہ ان کی ساڑھی ان کی دوست اور معروف ڈیزائنر خدیجہ شاہ نے تیار کی ہے۔ خیال رہے کہ یکم اکتوبر کی شب اداکارہ کی منیجر کی جانب سے شادی کی مختلف تصاویر و ویڈیوز شیئر کی گئیں، یہ سلسلہ وقتاً فوقتاً تاحال جاری ہے۔ ماہرہ خان کی جانب سے شیئر کی گئی شادی کی خوبصورت تصاویر دیکھ کر ابتدائیوں لگ رہا تھا

کسی نے مجھ پر کالا جادو کر دیا تھا، بینا چوہدری

جس کے باعث وہ پانچ سال تک تکلیف میں رہیں، ایک رات مرنے والی تھیں



لاہور (سی ایم نکس) سینئر اداکارہ بینا چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ ان پر کسی نے کالا جادو کر دیا تھا، جس کے باعث وہ پانچ سال تک تکلیف میں رہیں، یہاں تک کہ ایک رات مرنے والی تھیں لیکن خدا نے انہیں زندگی دی۔ بینا چوہدری حال ہی میں نجی ٹی وی کے مارننگ شو میں شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے اداکاری سمیت دیگر معاملات پر کھل کر باتیں کی اور بتایا کہ کچھ عرصہ قبل وہ شدید علیل ہو گئی تھیں۔ اداکارہ نے بتایا کہ دو سال قبل تک وہ انتہائی علیل ہو گئی تھیں، انہوں نے خوف اور بیماری کے باعث خود کو گھر تک محدود کر دیا تھا۔ ان کے مطابق اگرچہ وہ کام کرتی تھیں۔

ماہرہ خان نے مجھے اپنی شادی پر نہیں بُلایا

ماہرہ خان نے میرے خلاف ٹوئٹ کر کے غلطی کی تھی، خلیل الرحمٰن کا شکوہ

کراچی (این این آئی) پاکستان کے معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمٰن قمر نے شکوہ کیا ہے کہ سُپر اسٹار ماہرہ خان نے اُنہیں اپنی شادی پر دعوت نہیں دی۔ حال ہی میں خلیل الرحمٰن نے 'ایف ایچ ایم' میگزین کے پوڈ کاسٹ میں شرکت کی جس میں اُنہوں نے مختلف موضوعات پر گفتگو کی۔ پوڈ کاسٹ کے دوران خلیل الرحمٰن نے ماہرہ خان سے شکوہ کرتے ہوئے کہا کہ 'ماہرہ نے مجھے اپنی شادی دعوت نہیں دی لیکن اگر وہ مجھے اپنی شادی کا دعوت نامہ بھی دیتی تو میں کبھی نہیں جاتا۔ خلیل الرحمٰن نے کہا کہ ماہرہ خان نے میرے خلاف ٹوئٹ کر کے غلطی کی تھی۔

بیٹی کی رخصتی پر میاں بہت روؤں گا، عامر خان

ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے مسٹر پرفیکٹ عامر خان کا کہنا ہے کہ ان کی بیٹی ارا خان کی رخصتی پر وہ بہت رونے والے ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ایک نیوز چینل کو دیے گئے انٹرویو میں اداکار عامر خان نے بتایا کہ وہ بہت جذباتی شخص ہیں جس پر میزبان کی جانب سے سوال پوچھا گیا کہ بیٹی کی رخصتی پر آپ کا ردعمل کیسے ہوگا؟ سوال کے جواب میں اداکار نے کہا کہ 'اس دن میں بہت رونے والا ہوں۔ عامر خان کے مطابق میری فیملی نے ابھی سے یہ باتیں کرنا شروع کر دی ہیں کہ بھائی اس دن عامر کو سنبھالنا۔ دوران انٹرویو اداکار نے کہا کہ جذباتی ہونے کی وجہ سے نہ میں اپنے آنسو چھپا سکتا

عامر خان کی ایک بار پھر فلم ''ستارے زمین پر'' بنانے کا اعلان

کچھ عرصہ وقفہ لینے کے بعد عامر خان نے اب اپنے اگلے پروجیکٹ کا اعلان کر دیا ہے



ممبئی (این این آئی) بالی وڈ کے سپر اسٹار عامر خان باکس آفس پر دوبارہ دھماکے دار انٹری مارنے کو تیار ہیں، اداکار نے اپنی نئی فلم کا اعلان کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فلم 'لال سنگھ چڈھا' کی ناکامی کے بعد فلم نگری سے کچھ عرصہ وقفہ لینے کے بعد عامر خان نے اب اپنے اگلے پروجیکٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ گزشتہ سال عامر خان نے بھارتی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا تھا کہ میں اداکاری سے تھوڑی دیر کے لیے بریک لینا چاہتا ہوں۔ جب میں ایک اداکار کے طور پر کوئی فلم کرتا ہوں تو میں اس میں اتنا کھو جاتا ہوں کہ میری زندگی میں اور کچھ نہیں ہوتا۔

پاکستانی اداکار پیسوں کی خاطر بھارت جا کر ہرگز کام نہ کریں

بھارتی فلمساز اور پروڈیوسر پاکستانی اداکاروں کا غلط استعمال کرتے ہیں میکال ذوالفقار

کراچی (سی ایم نکس) معروف اداکار میکال ذوالفقار نے انکشاف کیا ہے کہ بھارتی فلمساز اور پروڈیوسر پاکستانی اداکاروں کا غلط استعمال کرتے ہیں، پاکستانی اداکار صرف پیسوں کی خاطر بھارت جا کر ہرگز کام نہ کریں۔ حال ہی میں میکال ذوالفقار نے ایک ٹی وی شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے بھارت میں کام کرنے کے تجربے پر بات کی۔ میکال ذوالفقار نے کہا کہ میں دوبارہ بھارت جا کر کام نہیں کروں گا کیونکہ وہاں کے فلمساز اور پروڈیوسرز پاکستانی اداکاروں کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ اداکار نے کہا کہ بھارت میں معروف پاکستانی اداکاروں کو مرکزی کردار نہیں دیے جاتے، ہمیں ایسے کردار دیے جاتے ہیں، جس سے یہ واضح ہو کہ ہم بھارتی نہیں بلکہ پاکستانی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بالی ووڈ فلموں میں ہمیں ایسے کردار دیے جاتے ہیں۔

SPORTS سپورٹس

ماضی پر نہیں حال پر توجہ ہے، کپتان بابر اعظم کی گفتگو

ورلڈ کپ جیتنا ہے تو فیلڈنگ بہتر ہونی چاہیے، کھلاڑیوں پر بڑے اسٹیڈیم کا دباؤ نہیں



احمد آباد (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے کہا ہے کہ ماضی میں جو ہو گیا اس پر توجہ نہیں، جو حال ہے اس پر توجہ ہے، کوشش ہے بھارت کے خلاف میچ میں اچھی پرفارمنس دیں۔ پاک بھارت میچ سے ایک دن پہلے احمد آباد میں پری میچ پریس کانفرنس میں بابر اعظم نے کہا کہ کوشش ہو گی کہ میچ میں اچھی پرفارمنس دیں۔ انہوں نے کہا کہ نسیم شاہ کی کمی محسوس کریں گے، انہوں نے ایشیاء کپ میں متاثر کن بولنگ کی تھی، شاہین آفریدی پر یقین ہے کہ وہ بڑے میچ کا بولر ہے، ایک دو میچز میں اوپر نیچے پرفارمنس ہو گئی۔

پاکستان اور بھارت آئی سی سی ورلڈ کپ میں آج ٹکرائیں گے

میگا ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں دو، دو میچ کھیل چکی ہیں

احمد آباد (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کے زیر اہتمام آئی سی سی میز ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں (آج) ہفتہ کو ایک میچ کھیلا جائیگا، جس میں روایتی حریف پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی، یہ میچ میگا ایونٹ کا بارہواں میچ ہوگا اور دن ایک بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کے زیر اہتمام بھارت میں جاری آئی سی سی میز ورلڈ کپ ٹورنامنٹ میں (آج) ہفتہ کو ایک میچ کھیلا جائے گا جس میں پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں نریندر مودی سٹیڈیم، احمد آباد کے مقام پر پنجہ آزمائی کریں گی۔ میچ دن ایک بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ میگا ایونٹ میں پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں دو، دو میچ کھیل چکی ہیں اور دونوں ٹیمیں اپنے دونوں میچز جیت چکی ہیں۔ پاکستان نے اپنے پہلے میچ میں نیدرلینڈز جبکہ دوسرے میچ میں سری لنکا کو شکست دی، اسی طرح میزبان بھارت نے اپنے پہلے میچ میں آسٹریلیا جبکہ دوسرے میچ میں افغانستان کی ٹیم کو ہرایا تھا۔ پاکستان ٹیم کو مایہ ناز بلے باز بابر اعظم لیڈ کریں گے جبکہ بھارتی ٹیم مایہ ناز اوپننگ بلے باز روہت شرما کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ آسٹریلوی ٹیم کو سب سے زیادہ 5 مرتبہ ٹائٹل جیتنے کا اعزاز حاصل ہے، بھارت اور ویسٹ انڈیز کی ٹیمیں دو، دو مرتبہ ٹائٹل جیت چکی ہیں جبکہ پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی ٹیمیں ایک ایک مرتبہ ٹائٹل اپنے نام کر چکی ہے۔ رپورٹ کے مطابق یہ دس سال کے طویل عرصے میں دونوں ٹیموں کے درمیان انٹرنیشنل سرزمین پر کھیلا جانے والا پہلا ون ڈے انٹرنیشنل ہے۔



احمد آباد اسٹیڈیم میں بم دھماکے کی دھمکی دینے والا گرفتار

دھمکی آمیز

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس 14 اور 15 اکتوبر 2023ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم میٹینینس اُڈیلیپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلو کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 14 اکتوبر 2023ء صبح 09:00 بجے تا دن 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، طفیل شہید، جی آہ، فراش ٹاؤن، کرپہ، اپ فیڈرز، صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، I-10/1، I-11/1، I-11 فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، طماسہ آباد، شمس کالونی، نسٹ روڈ، نیو ملپور، سکستھ روڈ، ٹی اینڈ ٹی، پی ٹی سی ایل، کھنہ روڈ، گلشن قائداعظم ائرپورٹ، گرنگالفیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، یوسی گلشن، نشان حیدر، اسلام آباد فیڈ مل، جھنڈہ تھیال، بسالی، پنڈ جاتلہ، لیب۔ I & II، انڈسٹریل، ریلائنس ویونگ مل، بھل، جرار کیمپ، ایس پی ڈی۔ II، پی اے ایف، آر آئی سی، کریسی لائن، رحمت آباد۔ I، جہانگیر روڈ، وی وی آئی پی، رحیم آباد فیڈر، جہلم سرکل، پران، فتح پور، سنگھوئی، چوتالہ، کپتان نثار شہید، ایکسپریس منگلہ، مدو کالس، گداری، شاہ سفیر، نیو خانقاہ، فیڈرز، چکوال سرکل، مدینہ ٹاؤن، کٹاس، دلوال، منارہ، فیڈرز، اٹک سرکل، پی ایم ہاؤسنگ کالونی، ائر یونیورسٹی فیڈرز، مورخہ 15 اکتوبر 2023ء صبح 07:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک، راولپنڈی کینٹ سرکل، میجر ریاض، لالہ زار، جھاوہ فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 1

اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنے پر 60 گاڑیوں کو جرمانے کرتے ہوئے متعدد کو وارننگ بھی جاری کی۔ انجارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل انسپکٹر ریاض احمد اور انکی ٹیم کی بہترین حکمت عملی کی بدولت مری روڈ سمیت سرکل کی دیگر شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو احسن طریقے سے رواں دواں رکھا گیا۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے کہا کہ مری روڈ پر لگنے والے گاڑیوں کے جمعہ بازار کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہے۔ گاڑیوں کے غیر قانونی جمعہ بازار کے حوالے سے شہریوں اور شوروم مالکان کو متعدد بار وارننگ بھی جاری کی جاچکی ہے

بقیہ 2

نے پولیس کی درخواست پر سماعت کی، پولیس نے پولیس نے عدالت سے اساتذہ کے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا کی۔ عدالت نے پولیس کی جانب سے اساتذہ کے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کردی اور تمام گرفتار اساتذہ کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت نے گرفتار اساتذہ کو مقدمے سے ڈسچارج کردیا۔

بقیہ 3

گی، جدید آلات سے جعلی پاسپورٹ اور ویزے والے مسافروں کی نشان دہی ہو سکے گی۔ ترجمان کے مطابق دوسرے مرحلے میں 2024ء تک تمام بڑے ایئر پورٹس پر ایف آئی اے امیگریشن کو ان جدید آلات سے لیس کیا جائے گا۔ دوسری جانب کراچی میں میڈیا گفتگو سے کرتے ہوئے ڈی جی ایف آئی اے محسن بٹ نے کہا کہ ایف آئی اے انسانی اسمگلروں کے خلاف کریکٹ ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے۔ محسن بٹ نے کہا کہ انسانی اسمگلروں اور جرائم پیشہ افراد کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے پاکستان کے ایئر پورٹس پر ہارڈر مینجمنٹ سسٹم کو جدید بنانے کے لیے کوشاں ہے۔

بقیہ 4

ہیں۔ جسٹس بابر ستار نے نوٹس جاری کرتے ہوئے سیکریٹری داخلہ اور ڈی جی ایف آئی اے سے 11 نومبر تک جواب طلب کر لیا۔ اس حوالے سے درخواست گزار کے وکیل ایڈووکیٹ عثمان وڑائچ نے کہا کہ پیکا سیکشن 20 کے تحت مقدمہ درج نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے کیسز میں صرف وفاقی حکومت مدعی ہوسکتی ہے۔

بقیہ 5

مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے شہر میں ٹریفک کی روانی کا جائزہ لینے کیلئے کچہری چوک، جہلم روڈ اور اہم شاہراؤں پر ٹریفک ڈیوٹی کا اچانک معائنہ کیا اور اچھی ڈیوٹی سرانجام دینے پر شاباش دی جبکہ غفلت برتنے پر مختلف اہلکاروں کی سرزنش کی۔ کچہری چوک سٹاپ ون اور سٹاپ ٹو پر نوپارکنگ ایریا میں کھڑی گاڑیوں فوری طور پر ہٹانے اور مستقل بنیادوں پر ڈیوٹی لگانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ رش کے اوقات میں ٹریفک سگنل کو آف کر کے ٹریفک کو مینول کنٹرول کیا جائے، سکولز میں چھٹی کے وقت اضافی اہلکار تعینات کرنے کیساتھ خصوصی انتظامات کیے جائیں، آئندہ اگر کسی ایریا میں نو پارکنگ یا ٹریفک پرابلم دیکھنے میں آئی تو متعلقہ سیکٹر انچارج ذمہ دار ہوگا۔ ٹریفک کی روانی کے معاملے میں ٹریفک وارڈنز کی طرف سے کسی قسم کی کوتاہی و غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 6

ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 16 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے شراب فروشی میں ملوث ملزم عدنان ظہور کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے شراب فروشی میں ملوث دو ملزمان عادل مسیح اور ساحل مسیح کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 100 لیٹر شراب، 30 ڈبے بیئر اور 335 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم امتیاز علی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 650 گرام ہیروئن برآمد کرلی،

بقیہ 7

تھا کہ کار مکمل طور پر تباہ ہوگئی، کار میں سوار 5 افراد موقع پر دم توڑ گئے، مرنے والوں کی شناخت اقبال، غلام قاسم، سعید، بلال اور غلام فرید کے نام سے ہوئی ہے، تمام افراد کا تعلق کوٹ سلطان ضلع لیہ سے ہے، حادثے کی اطلاع ملنے پر ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور مشینری کے ذریعے لاشوں کو گاڑی سے نکال کر ہسپتال منتقل کردیا گیا۔

بقیہ 8

کی ہدایات پر بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ڈیڑھ ماہ میں 770 سے زائد بڑے منشیات فروشوں کو جیل بھجوایا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی نے نالہ لئی اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور منشیات پاکٹس کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ نالہ لئی اور گردونواح کی منشیات پاکٹس سے 300 کے قریب منشیات کے عادی افراد کو علاج معالجہ کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا، منشیات فروشوں کی گرفتاری کے ساتھ ساتھ منشیات کے عادی افراد کا علاج معالجہ بھی اہم ہے، منشیات کے عادی افراد کو معاشرے کا کارآمد حصہ بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں، انکے لیے ضلعی انتظامیہ کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ڈیڑھ ماہ میں 770 سے زائد بڑے منشیات فروشوں کو جیل بھجوایا گیا، منشیات سپلائی نیٹ ورک کو بریک کیا گیا، کریک ڈاؤن میں 18 من سے زائد چرس، 5 کلو سے زائد ہیروئن اور 1500 لیٹر سے زائد شراب اور آئس برآمد کی جا چکی ہے، منشیات پاکٹس کلیئر کروانے پر سی پی او نے ایس ڈی پی او اسٹی اور ٹیم کو شاباش دی، شہریوں اور سول سوسائٹی سے اپیل ہے کہ منشیات کے خاتمہ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔

بقیہ 9

ساعت 16 اکتوبر تک ملتوی کر دی۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن کے علاقہ کالاباغ میانوالی کے کروڑ پتی تاجر محمد بشیر کے 20 سالہ بیٹے اسحاق بشیر کو اغواء کر کے ملزمان نے پہاڑیوں میں محبوس رکھا اور فون کال کر کے تاجر سے تین کروڑ روپے تاوان کا تقاضا کرتے ہوئے دھمکی دی کہ رقم نہ ملنے پر اس کے بیٹے کی سر کٹی بوری بند نعش بھجوادی جائے گی۔ جس پر محمد بشیر نے پولیس کو صورت حال سے آگاہ کردیا۔ جس پر تھانہ کرمشالی پولیس نے اغواء کاروں کے خلاف زیر دفعہ 365-A اور 7ATA مقدمہ درج کرلیا اور فون کال کو ٹریس کر کے ادارہ کے ہمراہ پہاڑی پر چھاپہ مار کر مغوی کو بازیاب کر کے تینوں ملزمان ولنواز، صالح دین اور کامران خان کو گرفتار کر کے خصوصی عدالت سرگودھا میں پیش کر دیا جہاں فاضل عدالت کے جج نے مقدمہ کے تمام گواہوں کے بیانات قلم بند کرتے ہوئے مذید ساعت 16 اکتوبر 2023ء تک ملتوی کردی۔

بقیہ 10

آرٹس اینڈ کلچر، سیاست اور مذہبی معاملات میں انتظامی صلاحیتوں سمیت تیرہ مختلف کیٹگریز میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے 500 بااثر مسلمانوں کے نام ہیں۔ پاکستان سے آرمی چیف جنرل عاصم منیر، نواز شریف، شہباز شریف، چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان، پاکستانی اسلامی سکالر مفتی تقی عثمانی، مولانا طارق جمیل، امیر تبلیغی جماعت پاکستان مولانا نذر الرحمٰن اور سمیع یوسف بھی 500 بااثر مسلمان شخصیات میں شامل ہیں۔ بااثر مسلمانوں میں پروفیسر نقیب العطاس، سعودی فرمانروا شاہ سلمان بن عبدالعزیز، ترک صدر رجب طیب اردوان، مصری صدر الفتاح السیسی، حماس کے سینئر رہنما اسماعیل ہانیہ بھی شامل ہیں جبکہ مصری فٹ بالر محمد صالح بھی فہرست کا حصہ ہیں۔

بقیہ 11

باغ منتقل کر کے متقولین کی نعشیں پوسٹمارٹم کے بعد ورثاء کے سپرد کر دی گئیں اور پولیس مصروف تفتیش ہے۔ اس وقوعہ میں قتل ہونے والے مقتول نوجوان محمد آصف کی اگلے روز شادی تھی۔

بقیہ 12

نے فلسطینی پناہ گزینوں کو مصر میں داخل ہونے سے روکنے پر ہونے والی تنقید کا جواب دیدیا۔ ملٹری کالج کے طلبہ کی گریجویشن تقریب سے خطاب میں صدر عبدالفتاح السیسی نے کہا کہ پناہ کی تلاش میں مصر آنے کی کوشش کرنے والے فلسطینیوں کو روکنے پر کی جانے والی تنقید درست نہیں۔

بقیہ 13

جائے گا۔ ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر نے ایس ایچ او دھمیال اور پولیس ٹیم کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 14

کالاباغ اور نوابزادہ ملک مزمل علی خان کی کاوشوں سے منعقد ہوئی اور دونوں فریقین کے مابین دو سال سے جاری دو ہرے قتل کی دشمنی کو خوش اسلوبی کیساتھ حل کر لیا گیا دونوں فریقین نے تمام اختلافات کو بھلا کر آئندہ بھائیوں کی طرح رہنے کا عہد کیا۔

بقیہ 15

آزادی کا سورج جلد طلوع ہو گا۔ ہم کل بھی جارحیت کے خلاف تھے آج بھی ظلم و بربریت کے خلاف ہیں۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے سیکورٹی کے فول پروف انتظامات کر کے مساجد اور امام بارگاہوں پر مسلح پولیس اہلکار تعینات کئے گے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا میں جمعۃ المبارک کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر مناتے ہوئے سرگودھا شہر اور ریجن کے چاروں اضلاع میں اسرائیل کے خلاف احتجاجی مظاہروں میں شدید نعرے بازی کی

بقیہ 16

بدل جائے گی اور بڑے پیمانے پر تجارت کے مواقع پیدا ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ایف پی سی سی آئی کے کیپٹل آفس اسلام آباد کے دورے کے دوران نائب صدر ایف پی سی سی آئی و چیئرمین کیپٹل آفس امین اللہ بیگ، نائب صدر ایف پی سی سی آئی عمر مسعود الرحمٰن و دیگر ممبران سے ملاقات کے دوران کیا۔ ان کے ہمراہ دوسرے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ جبکہ ایف پی سی سی آئی کے سینیئر نمائندگان اور سیاستدان بھی شریک تھے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی سفارتخانوں میں کمرشل قونصلرز کی کارکردگی کو بہتر بنانے کیلئے نئی حکمت عملی اختیار کی گئی ہے۔ بیوروکریٹس کو تجارتی امور کا زیادہ تجربہ نہیں ہوتا۔ اپنے بیان میں نگران وزیر نے کہا کہ ملک میں نوجوانوں کو حکومتی سطح پر آئی ٹی کے شعبے میں حکومتی سرپرستی میں روزگار کے مواقع میسر آئیں گے، خیبر پختونخوا کے عوام کو موٹروے سے ڈائریکٹ ایئر پورٹ تک رسائی دی جائیگی۔ ملاقات میں وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ کے تجارت کے لئے افغانستان میں امن و امان قائم ہونے کو اہم قرار دیا گیا۔ دوسری طرف واہ خان کاریڈور جو روس سے تجارت کا مختصر اور اہم روٹ ثابت ہوسکتا ہے علاوہ ازیں یہ سنٹرل ایشیا تک پہنچنے کا متبادل راستہ بھی ہے، کی تعمیر پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں ایکسپورٹ اور امپورٹ کو بہتر کرنے کے لئے سفارتخانوں میں آن لائن ایپلیکیشن کے نفاذ سمیت کئی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نگران وفاقی وزیر شاہد اشرف تارڑ نے یقین دہانی کرائی کہ بزنس کمیونٹی کو درپیش تمام مسائل کو وفاقی کابینہ اور ہر فورم پر اٹھاؤں گا۔ حکومت ہر شعبے میں شفافیت، بہتری اور تیزی لانے کے لئے ایک مانیٹرنگ سسٹم لا رہی ہے۔ وفاقی وزیر شاہد اشرف تارڑ نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بلیو اکانومی اقتصادی ترقی، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور تکنیکی اختراع کے طور پر کام کر سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نگران حکومت معاشی استحکام کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ بیرونی سرمایہ کاری لانے کیلئے بھرپور کام کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تجارت اور مواصلات کا آپس میں گہرا تعلق ہے، امپورٹ، ایکسپورٹ، ٹرانسپورٹیشن، ریلوے، شپنگ، سڑکوں سے متعلقہ مسائل کے حل کے لئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 17

میں مقدمہ درج ہوا جس میں خاتون عارفہ پر الزام عائد کیا گیا کہ انہوں نے شہری کو دھمکیاں دیں۔ پولیس نے دو سال بعد اچانک خاتون کے گھر پر چھاپہ مار کر ماں کے ساتھ کمسن بچی کو بھی گرفتار کرلیا۔

بقیہ 18

کرپشن عدالت کو بھجوادیا، نیب ترامیم کیخلاف درخواست میں کسی بنیادی حقوق خلاف ورزی کی نشاندہی نہیں کی گئی، درخواست میں استدعا کی گئی ہے کہ سپریم کورٹ نیب ترامیم کیخلاف 15 ستمبر کا فیصلہ کالعدم قرار دے۔

بقیہ 19

میں آنے والے شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آتے ہوئے ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں، شہریوں کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

بقیہ 20

جاتے جب تک مقدمہ کا فیصلہ نہ ہو جائے جن میں قتل اور منشیات سمیت سنگین نوعیت کے مقدمات شامل ہوتے ہیں جبکہ اکثر اوقات پولیس نقص امن کے حوالے سے دفع 550 کے تحت بھی موٹر سائیکل بند کر دیتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے 31 تھانوں میں 1 ہزار سے زائد گاڑیاں مختلف مقدمات میں بند ہیں جن کے مقدمات کے چالان پیش نہ کئے جانے کی وجہ سے سالوں سے کھڑی یہ گاڑیاں لوہے کے ڈھیر میں تبدیل ہوگئی ہیں، اسی طرح 550 میں بند کئے جانے والے 70 فی صد موٹر سائیکل بھی مالکان کے سپرد کرنے میں صرف اس لئے تاخیر برتی جاتی ہے تاکہ مالکان موٹر سائیکل چھڑوانے کے لئے مک مکا پر مجبور ہو جائیں جبکہ تھانوں میں بند اچھی حالت کی گاڑیاں اور موٹر سائیکل افسران اور اہلکاروں نے ذاتی استعمال کے لئے چن لیں جبکہ سائلین کئی چکر لگانے پر مجبور ہیں۔

بقیہ 21

ٹریفک مری روڈ سرکل انسپکٹر مرزا عثمان نے سرکل کے مختلف مقامات پر دوران چیکنگ دھواں دینے 53 گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کیے۔ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان نے انچارج مری روڈ سرکل اور انکی ٹیم کو اچھی کارروائی پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گاڑیوں سے سے نکلنے والا دھواں فضائی آلودگی (سموگ) پیدا ہوتی ہے جس سے حادثات کے خطرات بڑھ جاتے ہیں، گاڑیوں کا زہریلا دھواں انسانی زندگی پر اثر انداز ہونے کیساتھ، ماحول کو آلودہ کرنے اور مختلف بیماریوں کا بھی باعث بنتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دھواں ماحول اور انسان دونوں کے لیے سخت نقصان دہ ہے، اگر ہم دھویں کو ختم نہیں کریں گے تو یہ ہمیں ختم کر دے گا، سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کیلئے ہر دم کوشاں ہے۔ انھوں نے ڈرائیورز اور روڈ یوزرز سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنی گاڑی کی بروقت ٹیوننگ کروائیں اور گاڑی کو درست حالت میں ہی روڈ پر لے کر آئیں۔

بقیہ 22

لیے ہر وقت کھلے ہوئے ہیں شہریوں کی جانب سے سوشل میڈیا پر یا مجھے پرسنل جو بھی عوامی مسائل اجاگر کیے ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کو اولین ترجیح دیتا ہوں میں یہاں شہریوں کی خدمت کے لیے بیٹھا ہوں تفصیلات کے مطابق خواجہ عادل نے اپنے ایک ویڈیو بیان میں کہا کہ میں نے اپنے علاقے سے جو ہڑ کو ختم کر کے نالہ بنانے کے لیے حکومت پنجاب کو درخواست دی جس پر اعلیٰ حکام نے مقامی انتظامیہ کو نالے کی تعمیر کے احکامات دیئے میں اس بنیادی مسلے کو مختلف فورمز پر ہائی لائٹ کیا اے سی گوجر خان نے مجھے کال کر کے دفتر میں بلایا اور مجھے کہا تمارا رویہ ٹھیک نہیں ہے انھوں میرے ساتھ ہتک آمیز رویہ اپنایا اور مجھے دھمکی دی جبکہ اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے کہا کہ خواجہ عادل کو بتایا گیا کہ اپکا کام انڈر پراسس ہے ابھی آپکے جاری ٹینڈرز بلاک ہیں جلد آپکے کام کا آغاز کروایا جائے گا لگائے گے الزامات کی الٹی کرتے ہوئے کہا کہ ان لگائے گے الزامات میں کوئی صداقت نہیں ہے میں عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کو اولین ترجیح دیتا ہوں میرے دفتر کے دروازے ہر خاص عام کے لیے ہر وقت کھلے ہیں

بقیہ 23

کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا گیا ہے جس کے مطابق پیسکو، سیپکو اور حیسکو میں ان افسران کو تعینات کیا گیا ہے، نوٹیفکیشن کے مطابق ایف آئی اے کے ڈپٹی ڈائریکٹر سعد اللہ خان کو پیسکو، ڈپٹی ڈائریکٹر صوفی عبدالحفیظ چاچڑ کو سیپکو اور ایکنگ ڈائریکٹر مزمل احمد جتوئی کو حیسکو میں تعینات کیا گیا ہے، نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ ایف آئی اے افسران بجلی چوری روکنے اور ریکوری بڑھانے میں مدد کریں گے، یہ افسران بجلی کمپنیوں میں ملازمین اور بجلی چوروں کا گٹھ جوڑ توڑنے پر بھی کام کریں گے۔

بقیہ 24

معمولی سی آگ بھڑک اٹھی، ترجمان نے مزید بتایا کہ وزارت خارجہ کے ہنگامی ردعمل نے فوری طور پر فائر بریگیڈ کی مدد سے آگ پر قابو پالیا، آگ تشزدگی واقعہ کی جگہ وزارت خارجہ کی مرکزی عمارت سے باہر ہے، آگ کی وجہ سے کسی ریکارڈ یا انفراسٹرکچر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔

بقیہ 25

اسلام آباد پر گاڑی سے 15 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی، جسے گاڑی میں بنائے گئے خفیہ خانوں سے برآمد کیا گیا، دوران کارروائی چار سدہ کے رہائشی 2 ملزمان سے اسلحہ بھی برآمد کیا گیا، سنگجانی ٹول پلازہ اسلام آباد پر موٹر سائیکل سوار ملزم کو خاتون سمیت گرفتار کر لیا گیا، دوران کارروائی خاتون کے پرس اور موٹر سائیکل کی سیٹ میں چھپائی گئی منشیات برآمد کی گئی، برآمد کی گئی منشیات میں 2 کلو 200 گرام چرس، 500 گرام افیون اور 1 کلو آئس شامل ہے، ایک کارروائی میں باچا خان انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر مسافر کے پیٹ سے 87 آئس بھرے کیپسولز برآمد کیے گئے، خیبر کا رہائشی ملزم پرواز نمبر QR-601 کے ذریعے قطر کے لیے روانہ ہو رہا تھا، اے این ایف کی جمرود خیبر میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران اسلحے سمیت خیبر کے رہائشی 2 ملزمان گرفتار کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کے گھر سے 5 کلو ہیروئن، 200 گرام آئس اور 50 نشہ آور (اینٹیسی) گولیاں برآمد کی گئی، کوئٹہ میں کارروائی کے دوران پک اپ سے 62 کلوگرام چرس برآمد ہوئی، چرس پک اپ کے فرش میں بنائے گئے خفیہ خانے سے برآمد کی گئی، ملزمان کے خلاف انسداد منشیات ایکٹ کے تحت مقدمات درج کر کے مذید تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 26

کے باوجود تعمیرات مکمل کر لی گئی۔ اب شعبہ بلڈنگ کنٹرول کا عملہ اس کو اپنی کارکردگی شو کر رہا ہے کہ مالکان کی طرف سے نقشہ اپلائی کر لیا گیا ہے، شعبہ بلڈنگ شکایات سیل کے انچارج ابوبکر کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ مالک نے اس جگہ کے نقشہ کے لئے اپلائی کر لیا ہے اور متعلقہ اسٹیکر کی سرزنش بھی کر دی ہے۔ واضح رہے کہ موقع پر کنسٹرکشن ہوئے بھی چند دن گزر چکے ہیں اب کہا جا رہا ہے کہ مالک کی طرف سے نقشہ کے لئے اپلائی کر لیا گیا ہے جبکہ بلڈنگ بائی لاز کے تحت بغیر نقشہ منظوری کے موقع پر ایک اینٹ بھی نہیں رکھی جا سکتی مگر کینٹ بورڈ راولپنڈی شعبہ بلڈنگ کنٹرول کا عملہ ہر ماہ کئی ایسی غیر قانونی تعمیرات کو نوٹسز جاری کرتا ہے جہاں مالکان نے بغیر نقشہ منظوری کے تعمیرات کر لی ہوتی ہیں یا پھر جاری ہوتی ہیں اور انہیں نقشہ جمع کروانے کی ہدایت کی جاتی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بغیر عملہ کی مبینہ ملی بھگت کے موقع پر بغیر نقشہ منظوری کا کام شروع ہونا ممکن ہی نہیں۔

بقیہ 27

پوچھا ہے۔ ہم نے انہیں واضح جواب دیا کہ کسی بھی نئی کارروائی یا محاذ کا تعلق صیہونی ریاست کے اقدامات سے ہے۔ اگر اسرائیل کے جرائم جاری رہے تو کسی کو بھی نیا محاذ کھولنے کے لیے ہماری اجازت کی ضرورت نہیں ہوگی۔

بقیہ 28

پولیس نے ملزم عمر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ایئر پورٹ پولیس نے ملزم ارشد سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ریس کورس پولیس نے ملزم کلیم سے 5 لیٹر شراب، کوہٹہ پولیس نے ملزم ثاقب سے بٹل 30 بور کے 25 رونڈ برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے کہا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 29

550 گرام چرس، آر اے بازار پولیس نے ملزم اویس جہانگیر سے 1 کلو 250 گرام چرس، روات پولیس نے ملزم مسعود سے 300 گرام ہیروئن اور 30 گرام آئس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم صفدر سے 710 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم اویس سہیل سے 550 گرام چرس، بنی پولیس نے ملزم نوید سے 520 گرام چرس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، منشیات کے خاتمہ کے لیے کریک ڈاؤن جاری رہے گا، وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے۔

بقیہ 30

نے موقع پر ہی دو افراد کو گرفتار کر لیا۔ ایف آئی اے کی جانب سے معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ پی پی اے نے اس سے قبل سیل چینکو کی جانب سے سموں کے غیر قانونی اجراء سے متعلق معلومات کی بنیاد پر ایف آئی اے کو شکایات کا اندراج کرایا تھا۔ واضح رہے کہ یہ چھاپے ملٹی فنکر بائیو میٹرک ویری فکیشن سسٹم (ایم بی وی ایس) کے ضمن میں جاری پی ٹی اے کی کوششوں کا حصہ ہیں۔ یہ اقدامات سموں کے غیر قانونی اجراء کے خاتمے کیلئے اتھارٹی کی دحجی اور مخلصانہ عزائم ظاہر کرتے ہیں۔

بقیہ 31

بجلی چوروں کے خلاف 1473 مقدمات درج کر کے 779 گرفتاریاں کی گئیں اور 51 کروڑ روپے کے واجبات وصول کیے گئے، فیصکو، فیصل آباد میں 2358 مقدمات درج کر کے 1932 گرفتاریاں کی گئیں جبکہ 70 کروڑ روپے کے واجبات وصول کیے گئے۔ آئیسکو، اسلام آباد میں 349 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے ہیں جبکہ 263 گرفتاریاں کر کے 38 کروڑ روپے کے واجبات وصول کیے گئے، میپکو، ملتان میں 5856 مقدمات درج ہوئے، 4688 گرفتاریاں عمل میں آئیں جبکہ 1.90 ارب روپے کے واجبات وصول کیے گئے

بقیہ 32

ڈرائیورز کو شاباش دی۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کے احکامات پر ڈی ایس پی ٹریفک راجہ نثار احمد نے پولیس لائن ٹریفک ایم ٹی میں سرکاری گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی انسپکشن کی۔ ایم ٹی او راولپنڈی اور ڈی او لاجسٹکس نے ڈی ایس پی وی آئی پی کو گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی انسپکشن کروائی۔ انھوں نے گاڑیوں کے الیکٹرانک سسٹم اور انجن آئل کو بھی چیک کیا۔ دوران چیکنگ الیکٹریکلی طور پر درست اور صاف ستھری گاڑیاں و موٹر سائیکل رکھنے پر ڈرائیورز کو شاباش دی۔ انھوں نے ایم ٹی او کو ہدایات جاری کیں کہ وہ ڈرائیورز کو پابند کریں کہ وہ سرکاری گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کے انجن آئل کو وقت پر تبدیل کریں اور انھیں الیکٹریکلی درست رکھیں۔ اس موقع پر ڈی ایس پی ٹریفک راجہ نثار احمد نے کہا کہ ٹریفک پولیس کے تمام افسران و جوان دوران ڈیوٹی دیانت داری، خدمت اور محنت کے اصولوں کو اپنے لیے مشعل راہ بناتے ہوئے اپنے فرائض کو سرانجام دیں۔ دوران ڈیوٹی ناسماعد حالات میں پروفیشنل طرز عمل اپنانے والے افسران و جوان محکمہ پولیس کا فخر ہیں، میرے لیے ڈرائیور سے لے کر انسپکٹر تک ہر جوان آفیسر جیسا ہے۔

بقیہ 33

متعدد وارداتوں کے انکشاف پر ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا ہے۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ شہریوں کو انکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 34

بھی چڑھائی، وزیراعظم نے فرنٹیئر کانسٹیبلری کے شہید کیپٹن صفوت غیور کی قبر پر بھی فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعظم نے شہید کے بلندی درجات کی دعا کی۔ وزیراعظم نے شہید صفوت غیور کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھائی، اس موقع پر فرنٹیئر کانسٹیبلری کے دستے کی جانب سے شہید صفوت غیور کو سلامی بھی پیش کی گئی، وزیراعظم نے شہید کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے ملک و قوم کے لیے ان کی خدمات کو سراہا۔ وزیراعظم نے کہا کہ شہید صفوت غیور نے ایک عظیم مقصد کے لئے جان کا نذرانہ دیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہم ملک کی حفاظت کے لیے جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کے مقروض ہیں جنہوں نے اپنے فرائض منصبی کی انجام دہی میں اپنی جانیں قربان کیں۔

بقیہ 35

کنٹرول روم، آپریشن و مانیٹرنگ روم اور ڈیٹا روم کا بھی معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے سیف سٹی کے عملے سے مصافحہ کیا اور انہیں مزید محنت سے کام کرنے کی تلقین کی۔ وزیراعلیٰ نے نکانہ میں سیف سٹی سنٹر کے قیام پر پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی اور پولیس کی ٹیم کی تعریف کی۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے نکانہ صاحب میں 136 سے زائد کیمرے نصب کئے ہیں اور داخلی و خارجی راستوں تک 6 ای چیک پوائنٹس بھی بنائی گئی ہیں۔ منصوبے پر کل لاگت 35 کروڑ روپے لاگت آئی ہے اور ڈیڑھ سال میں مکمل کیا گیا ہے۔ منصوبے کی لاگت میں 5 کروڑ روپے کی بچت کی گئی ہے۔ نکانہ صاحب سیف سٹی پراجیکٹ لوکل اور انٹرنیشنل کمپنیوں نے ملکر لگ

مری روڈ پر لگے غیر قانونی جمعہ بازار کے خاتمہ بارے انتظامات

اضافی اہلکار و لفٹر تعینات، غلط پارکنگ اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنے پر 60 گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری

شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اپنی وقتی سہولت کیلئے دوسروں کیلئے تکلیف کا باعث نہ بنیں، انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل کے مری روڈ پر لگنے والے گاڑیوں کے غیر قانونی جمعہ بازار کے خاتمہ کے حوالے سے خصوصی انتظامات، اضافی اہلکار و لفٹر تعینات، غلط پارکنگ اور ٹریفک کے بہاؤ میں رکاوٹ پیدا کرنے پر 60 گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کے احکامات پر عمل کرتے ہوئے انچارج ٹریفک نیو ٹاؤن سرکل انسپکٹر ریاض احمد نے اپنی زیر نگرانی رحمان آباد اور اسکے گردونواح میں لگنے والے گاڑیوں کے غیر قانونی جمعہ بازار کے خاتمہ، ٹریفک کی روانی کی بلا رکاوٹ روانی کیلئے اپنی ٹیم اور لفٹر کے ہمراہ غلط پارکنگ، ڈبل پارکنگ (بقیہ نمبر 1)

راولپنڈی، پنجاب آرٹس کونسل میں محفل میلاد میں خواتین ثناء خوانی کر رہی ہیں

اے سی میاں مراد پر انجمن تاجران کے فنانس سیکرٹری کے الزامات

میں نے مختلف فورمز پر نالے کی تعمیر کے مسئلے کو ہائی لائٹ کیا اے سی نے دفتر بولا کر ہتک آمیز رویہ اختیار کرتے ہوئے دھمکی دی

عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کو اولین ترجیح دیتا ہوں لگائے گے الزامات میں کوئی صداقت نہیں میاں مراد

گوجر خان (قمر شہزاد) مرکزی انجمن تاجراں کے فنانس سیکرٹری خواجہ عادل کی جانب سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو بیان میں اے سی گوجر خان میاں مراد پر الزامات کی بوچھاڑ اے سی نے مجھے دفتر بولا کر ہتک آمیز رویہ اختیار کیا اور دھمکی دی جبکہ اس بارے اے سی میاں مراد سے موقف لیا گیا تو انھوں نے ان الزامات کی نفی کرتے ہوئے کہا میرے دفتر کے دروازے ہر خاص و عام کے (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد ایئر پورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن جدید آلات سے لیس

ایف آئی اے انسانی اسمگلروں کے خلاف کریکٹ ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے

اسلام آباد/ کراچی (این این آئی) اسلام آباد ایئر پورٹ پر وفاقی تحقیقاتی ایجنسی (ایف آئی اے) امیگریشن کو جدید آلات سے لیس کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق یورپی یونین، آئی سی ایم پی ڈی کے تعاون سے جدید فرانزک اور آئی ٹی ٹولز فراہم کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جدید آلات کے ذریعے پاسپورٹ اور ویزے کی جانچ پڑتال کی جائے (بقیہ نمبر 3)

نگران وزیر اطلاعات مرتضیٰ سولنگی ریڈیو پاکستان کے دورہ کے موقع پر ملازمین سے مل رہے ہیں

مقامی عدالت کا گرفتار اساتذہ کی رہائی کا حکم

لاہور (این این آئی) مقامی عدالت نے پولیس کی جانب سے اساتذہ کے 10 روزہ جسمانی ریمانڈ کی استدعا مسترد کرتے ہوئے تمام گرفتار اساتذہ کو رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور کے سول سیکرٹریٹ کے باہر احتجاج کرنے والے 100 سے زائد اساتذہ کو گرفتار کیا گیا تھا، تھانہ اسلام پورہ پولیس نے گرفتار اساتذہ کو ضلع کچہری لاہور میں پیش کیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ عمران عابد (بقیہ نمبر 2)

صحافی کیخلاف مقدمہ: سیکریٹری داخلہ، ڈی جی ایف آئی اے کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قابل اعتراض ٹویٹ کے الزام میں صحافی کے خلاف ایف آئی اے کے مقدمے کے معاملے پر سیکریٹری داخلہ اور ڈی جی ایف آئی اے کو نوٹس جاری کر دیے۔ جمعہ کو عدالت نے نوٹس صحافی خالد جمیل کی مقدمے کے اخراج کی درخواست پر جاری کیے (بقیہ نمبر 4)

تیز رفتار کار سڑک کنارے کھڑے ٹرالے سے ٹکرا گئی، 5 افراد جاں بحق

کوٹ ادو (اے ایف بی) کوٹ ادو میں تیز رفتار کار سڑک کنارے کھڑے ٹرالے سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہو گئے ہیں، افسوسناک حادثہ کوٹ ادو کے علاقے نور شاہ طلائی روڈ کے قریب پیش آیا جہاں تیز رفتار کار اندھیرا ہونے کی وجہ سے سڑک کے کنارے کھڑے خراب ٹرالے سے جا ٹکرائی، تصادم اس قدر شدید (بقیہ نمبر 7)

سرگودھا، جمعۃ المبارک کو یوم یکجہتی فلسطین کے طور پر منایا گیا

اسرائیل مخالف نعرے، پوری قوم مجاہدین فلسطین کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، مقررین

سرگودھا (ظہور حسین سے) سرگودھا میں جمعۃ المبارک کو یوم یکجہتی فلسطین کے طور پر منایا گیا اس موقع پر اسرائیل کے خلاف مظاہروں اور اجتماعات جمعہ میں علماء نے فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کی پرزور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ حالیہ واقعات اسرائیلی افواج کے ظلم و بربریت کا ردعمل ہے اور پوری قوم مجاہدین فلسطین کے شانہ بشانہ کھڑی ہے جس کی (بقیہ نمبر 15)

مواصلات اور تجارت کا چولی دامن کا ساتھ ہے، وزیر مواصلات

تجارتی فروغ کے لئے مواصلات کا شعبہ ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے، شاہد اشرف

اسلام آباد (این این آئی) نگران وفاقی وزیر مواصلات، ریلوے اور سمندری امور شاہد اشرف تارڑ نے کہا ہے کہ ملک میں معاشی استحکام لانے کیلئے مواصلات کے شعبے فعال کردار ادا کر رہے ہیں، ملک میں سرمایہ کاری لانے کیلئے لائحہ عمل پر عمل کیا جا رہا ہے، پاکستان اور سنٹرل ایشیا واہ خان کوریڈور کو ٹنل کے ذریعے جوڑنے سے ملک کی قسمت (بقیہ نمبر 16)

مجلس وحدت مسلمین کے زیر اہتمام فلسطین پر اسرائیلی جارحیت کے خلاف احتجاج کیا جا رہا ہے

دفتر خارجہ کی عمارت میں آگ لگ گئی، کسی قسم کا نقصان نہیں ہوا

اسلام آباد (اے ایف بی) اسلام آباد میں دفتر خارجہ کی عمارت میں آگ لگ گئی، فائر بریگیڈ اور ایم سی آئی کی ٹیموں نے آگ پر قابو پا لیا، ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا ہے کہ آگ پرانی عمارت میں لگی، سی ڈی اے عملے کے ایک پرانے ایئر کنڈیشننگ پلانٹ کو ختم کرنے کے دوران آتشزدگی کا یہ واقعہ پیش آیا، ایئر کنڈشنگ پلانٹ میں استعمال ہونے والے آلات میں شارٹ سرکٹ کے باعث (بقیہ نمبر 24)

خیبر پختون خوا: قیدیوں کے خاندانوں کی کفالت، مسودہ تیار

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختون خوا کی جیلوں میں موجود قیدیوں کے خاندانوں کی کفالت کرنے سے متعلق رولز کا مسودہ تیار کر لیا گیا۔ خیبر پختون خوا پریزنز ویلفیئر فنڈ رولز 2023ء کا مسودہ محکمہ داخلہ نے تیار کیا ہے اس حوالے سے جاری کردہ دستاویز کے مطابق قیدی جیلوں میں مزدوری کر کے اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں گے۔ دستاویز میں بتایا گیا کہ قیدی ماربل، فرنیچر اور چمڑے کی فیکٹریوں میں مزدوری کر سکیں گے۔

بجلی چوری آپریشن: تقسیم کار کمپنیوں میں ایف آئی اے افسران تعینات

ایف آئی اے افسران بجلی چوری روکنے اور ریکوری بڑھانے میں مدد کریں گے

اسلام آباد (روبینہ فیصل سے) بجلی کی چوری میں تقسیم کار کمپنیوں کے افسران، ملازمین اور بجلی چوروں کا گٹھ جوڑ توڑنے کے لیے بجلی کمپنیوں میں ایف آئی اے افسران تعینات کر دیے گئے، وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کے 3 افسران کی تعیناتیوں (بقیہ نمبر 23)

اے این ایف کی کارروائیاں، 88 کلو منشیات برآمد، 9 ملزمان گرفتار

ایم ون موٹر وے اسلام آباد پر گاڑی سے 15 کلو 600 گرام چرس برآمد ہوئی

اسلام آباد (اے ایف بی) اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف 7 مختلف کارروائیوں کے دوران 88 کلو سے زائد منشیات برآمد کر کے 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ترجمان اے این ایف کے مطابق ایم ون موٹر وے (بقیہ نمبر 25)

راولپنڈی میں فلسطین کے حمایت میں ریلی نکالی جا رہی ہے

سی ٹی او راولپنڈی کا ٹریفک روانی جائزہ لینے کیلئے شاہراؤں کا معائنہ

اچھی ڈیوٹی پر شاباش اور غفلت برتنے پر مختلف اہلکاروں کی سرزنش کی گئی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کا شہر میں ٹریفک کی روانی کا جائزہ لینے کیلئے کچہری چوک سمیت اہم شاہراؤں کا اچانک معائنہ کیا اور اچھی ڈیوٹی پر شاباش دی جبکہ غفلت پر وارننگ جاری کی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 5)

پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں، 16 گرفتار

ملزمان سے چرس، ہیروئن، آئس، شراب اور غیر قانونی اسلحہ برآمد، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کارروائیاں جاری، 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں سے 16 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر لیا گیا، ملزمان کے قبضہ سے چرس، ہیروئن، آئس، شراب اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر (بقیہ نمبر 6)

کینٹ ایریاز میں غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری

یہ غیر قانونی تعمیرات ڈھوک سیداں روڈ، مصریال روڈ، قائد اعظم کالونی، احمد آباد کے علاقوں میں کی گئی ہیں

راولپنڈی، ٹی ایم اے کی غفلت کے باعث فٹ پاتھ پر تجاوزات کا منظر

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) راولپنڈی کینٹ ایریاز میں مبینہ طور پر غیر قانونی رہائشی و کمرشل تعمیرات کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ یہ غیر قانونی تعمیرات ڈھوک سیداں روڈ، مصریال روڈ، قائد اعظم کالونی، احمد آباد کے علاقوں میں کی گئی ہیں۔ واضح رہے کہ ڈھوک سیداں روڈ وارڈ نمبر 6 میں بغیر نقشہ کے بدھ کی رات ہونے والے تعمیرات کیخلاف شعبہ بلڈنگ کنٹرول کا عملہ کسی قسم کی قانونی کارروائی کرنے میں ناکام رہا ہے اور نہ ہی اعلیٰ حکام کی طرف سے شعبہ بلڈنگ کنٹرول کے عملہ کیخلاف کسی قسم کی محکمانہ کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ کینٹ بورڈ شعبہ بلڈنگ عملہ کے با خبر ہونے (بقیہ نمبر 26)

غزہ پر اسرائیلی حملے بند نہ ہوئے تو جنگ کا نیا محاذ کھل سکتا ہے، ایران

بیروت (پینا نیوز) ایران نے خبردار کیا ہے کہ کہ غزہ پر اسرائیل نے حملے بند نہ کیے تو نیا محاذ کھل سکتا ہے۔ ایران کے وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان نے بیروت پہنچنے کے بعد میڈیا سے گفتگو میں کہا کہ اسرائیل کے جنگی جرائم اور غزہ کی ناکہ بندی سے جنگ کا نیا محاذ کھل سکتا ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کا مزید کہنا تھا کہ کچھ ممالک کے حکام نے ہم سے رابطہ کر کے خطے میں اسرائیل کے خلاف نیا محاذ کھولنے کے امکانات سے متعلق (بقیہ نمبر 27)

فرنچائزسموں کے غیر قانونی اجرا میں ملوث پائی گئی، دو افراد گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کے زونل آفس لاہور نے فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) سائبر کرائم سرکل کے ساتھ مل کر سیالکوٹ میں واقع ایک موبائل فون کمپنی کی فرنچائز پر کامیاب چھاپہ مارا، یہ فرنچائزسموں کے غیر قانونی اجرا میں ملوث پائی گئی۔ چھاپے کے دوران 09 بی وی ایس ڈیوائسز اور 33 سمیں بطور ثبوت قبضے میں لے لی گئیں جبکہ ایف آئی اے کی ٹیم (بقیہ نمبر 30)

ماں کیساتھ بیگناہ بچی کو حوالات میں بند کرنے پر افسر سمیت 2 اہلکار معطل

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس کی جانب سے دھمکیاں دینے کے کیس میں ماں کے ساتھ کمسن بیگناہ بچی کو حوالات میں بند کرنے پر ڈیوٹی افسر اور ہیڈ محرر کو معطل کر کے ایس ایچ او کو شوکاز نوٹس جاری کر دیا گیا۔ ویمن انویسٹی گیشن پولیس نے 2021ء میں درج 506 کے مقدمے میں خاتون اور بچی کو حراست میں لے کر حوالات میں بند کر دیا تھا۔ خاتون کے خلاف تھانہ وحدت روڈ (بقیہ نمبر 17)

سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف فیصلہ چیلنج، نظر ثانی اپیل

اسلام آباد (اے ایف بی) سپریم کورٹ میں نیب ترامیم کیخلاف فیصلہ چیلنج کر دیا گیا، نیب ترامیم فیصلہ کیخلاف نظر ثانی اپیل دائر کر دی گئی، ایڈووکیٹ فاروق ایچ نائیک نے عبدالجبار کی طرف سے فیصلہ چیلنج کیا، درخواست گزار کی جانب سے درخواست میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ سپریم کورٹ نے ہمیں سنے بغیر نیب ترامیم کیخلاف فیصلہ دیا، درخواست گزار کا کہنا ہے کہ نیب ترامیم کے بعد احتساب عدالت نے میرے خلاف ریفرنس اینٹی (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، سی پی او سید خالد ہمدانی کا نالہ لئی اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کرتے ہوئے

سی ٹی او راولپنڈی کا نالہ لئی و ملحقہ علاقوں کا دورہ

نالہ لئی اور گردونواح کی منشیات پاکٹس سے 300 کے قریب منشیات کے عادی افراد کو علاج معالجہ کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا

بھرپور کریک ڈاؤن کرتے ہوئے ڈیڑھ ماہ میں 770 سے زائد بڑے منشیات فروشوں کو جیل بھجوایا گیا، سید خالد ہمدانی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) سی پی او سید خالد ہمدانی نے نالہ لئی اور ملحقہ علاقوں کا دورہ کیا اور منشیات پاکٹس کے حوالے سے پولیس کی کارکردگی کا جائزہ لیا جبکہ سی پی او نے کہا ہے کہ نالہ لئی اور گردونواح کی منشیات پاکٹس سے 300 کے قریب منشیات کے عادی افراد کو علاج معالجہ کیلئے ہسپتال منتقل کیا گیا، منشیات سپلائی نیٹ ورک کو بریک کیا گیا، وزیر اعلیٰ پنجاب (بقیہ نمبر 8)

ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل حل کیلئے افسران کو احکامات جاری

راولپنڈی (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم نے کہا کہ مارک کردہ درخواستوں پر قانونی کارروائی کر کے رپورٹ پیش کی جائے، تھانہ (بقیہ نمبر 19)

ایس ایس پی آپریشنز فیصل سلیم کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

راولپنڈی، شراب سپلائر و ناجائز اسلحہ رکھنے والے 8 ملزمان گرفتار

ملزمان سے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ و ایمونیشن برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے شراب سپلائرز اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 5 لیٹر شراب اور اسلحہ و ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق دھمیال پولیس نے ملزم ذیشان سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم ذوالفقار سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، ملزم عمیر سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، صادق آباد پولیس نے ملزم اویس سے 1 پستول 30 بور معہ ایمونیشن، نصیر آباد (بقیہ نمبر 28)

پولیس کا منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 9 گرفتار

ملزمان سے 9 کلو سے زائد چرس، 300 گرام ہیروئن اور آئس برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کریک ڈاؤن جاری کرتے ہوئے 9 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے 9 کلو سے زائد چرس، 300 گرام ہیروئن اور آئس برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق مندرہ پولیس نے ملزم سیف الرحمٰن سے 1 کلو 800 گرام چرس، وارث خان پولیس نے ملزم زبیر سے 1 کلو 700 گرام چرس، گوجر خان پولیس نے ملزم اظہر سے 1 کلو 420 گرام چرس، نصیر آباد پولیس نے ملزم عبد القادر سے 1 کلو (بقیہ نمبر 29)

منشیات فروش راولپنڈی پولیس کی حراست میں

ایک ہزار گاڑیاں 3500 موٹر سائیکل کباڑ میں تبدیل

اہلکاروں نے مقدمات میں بند گاڑیاں موٹر سائیکل ذاتی استعمال کرنا شروع کر دیں

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کے 30 تھانوں میں کئی سالوں سے بطور مال مقدمہ کھڑی تقریباً 1 ہزار گاڑیاں اور 3500 موٹر سائیکل زنگ آلود ہو کر کباڑ میں تبدیل، پولیس افسران و اہلکاروں نے مقدمات میں بند گاڑیاں موٹر سائیکل ذاتی استعمال کرنا شروع کر دیں لیکن مقدمات کے چالان پیش نہ کئے جا سکے سائلین کی جمع پونجی داؤ پر لگ گئی۔ ذرائع کے مطابق راولپنڈی کے تھانوں میں درج مختلف مقدمات میں پکڑے جانے والی گاڑیاں اور موٹر سائیکل اس وقت تک مالکان کے حوالے نہیں کئے (بقیہ نمبر 20)

تاش پر جواء کھیلتے ہوئے ملزمان ریس کورس پولیس کی حراست میں

ملک گیر کریک ڈاؤن بجلی چوروں سے 17.67 ارب روپے وصول

بجلی چوروں سے مجموعی طور پر 27381 مقدمات درج کر کے 13 ہزار 621 افراد کو گرفتار کیا جا چکا

بجلی کی چوری کے مقدمات، گرفتاریوں اور واجبات کی ادائیگی میں لیسکو لاہور سب سے آگے

اسلام آباد (حاجی ندیم سے) بجلی چوروں کے خلاف ملک گیر کریک ڈاؤن اور اقدامات کے دوران مقدمات کا اندراج اور گرفتاریوں کے بعد واجبات کی وصولی کا سلسلہ بھی جاری ہے، یکم ستمبر سے 8 اکتوبر تک مجموعی طور پر 27381 مقدمات درج کر کے 13 ہزار 621 افراد کو گرفتار جبکہ 17.67 ارب روپے کی وصولی کی گئی، بجلی کی چوری کے مقدمات، گرفتاریوں اور واجبات کی ادائیگی میں لیسکو لاہور سب سے آگے ہے، لیسکو لاہور میں بجلی چوری کے خلاف 12 ہزار 778 مقدمات درج کیے گئے اور 4587 افراد کو گرفتار کیا گیا، لاہور میں بجلی کے بلوں کی مد میں 4.61 ارب روپے کے واجبات وصول کیے گئے، اسی طرح کیپکو، گوجرانوالہ میں (بقیہ نمبر 31)

ڈی ایس پی ٹریفک کی سرکاری گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی انسپکشن

درست و صاف ستھری گاڑی و موٹر سائیکل رکھنے پر ڈرائیورز کو شاباش

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر ڈی ایس پی ٹریفک راولپنڈی نے پولیس لائن ایم ٹی میں سرکاری گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی انسپکشن کی، انسپکشن کے دوران گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی لاگ بک، اور انجن آئل کو چیک کر کے مکینیکلی طور پر درست اور صاف ستھری گاڑی و موٹر سائیکل رکھنے پر (بقیہ نمبر 32)

رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان صادق آباد پولیس کی حراست میں

رابری و سٹریٹ کرائم میں ملوث 2 ملزمان گرفتار

ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا چوری شدہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری اور سٹریٹ کرائم کو وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا چوری شدہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے رابری اور سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں اویس اور حضرت خان شامل ہیں، ملزمان سے وارداتوں میں استعمال ہونے والا چوری شدہ موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا، (بقیہ نمبر 33)

اسرائیلی وزیر اطلاعات گالیت ڈسٹل اچانک مستعفی

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی وزیر اطلاعات گالیت ڈسٹل اچانک مستعفی ہو گئیں۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق انہوں نے حزب اللہ کو اسمارٹ قرار دینے کے بیان پر امریکا کے سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر کڑی تنقید بھی کی ہے۔ گالیت ڈسٹل کا کہنا تھا کہ سابق امریکی صدر کا ایسا بیان آنا شرمناک ہے، ٹرمپ کا بیان پروپیگنڈا ہے جس سے اسرائیلیوں کے عزم کو نقصان پہنچا۔

حلیم عادل کیخلاف پولیس موبائل جلانے کا کیس، پولیس سے ریکارڈ طلب

کراچی (اے ایف بی) سندھ ہائی کورٹ نے پراسیکیوشن اور تفتیشی افسر سے پی ٹی آئی رہنما حلیم عادل شیخ کے خلاف پولیس موبائل جلانے کے کیس کا ریکارڈ 19 اکتوبر کو طلب کر لیا، عدالت میں پولیس موبائل جلانے کے کیس میں حلیم عادل شیخ کی درخواست ضمانت پر سماعت ہوئی، پراسیکیوٹر نے عدالت کو آگاہ کیا کہ حلیم عادل نے ٹرائل کورٹ میں چالان جمع ہونے سے پہلے درخواست ضمانت دائر کی تھی، پراسیکیوٹر نے بتایا کہ چالان سے پہلے درخواست ضمانت دائر کرنے پر اے ٹی سی نے درخواست مسترد کر دی تھی، اب کیس کا چالان جمع ہو چکا ہے صرف تفتیشی افسر نے پولیس پیپر حاصل کرنے ہیں تو تھوڑی مہلت دی جائے، عدالت نے پراسیکیوشن اور تفتیشی افسر سے 19 اکتوبر کو کیس کا ریکارڈ طلب کر لیا۔

انچارج ٹریفک مری روڈ سرکل کی سموگ کنٹرول بارے کارروائی

دھواں چھوڑنے والی 53 گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری، گاڑی کی بروقت ٹیوننگ کروائیں

راولپنڈی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب کے خصوصی احکامات اور سی ٹی او راولپنڈی کی ہدایات پر انچارج ٹریفک مری روڈ سرکل نے سموگ کنٹرول کے حوالے سے بھرپور کارروائی کرتے ہوئے دھواں چھوڑنے والی 53 گاڑیوں کو چالان ٹکٹ جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کے خصوصی احکامات اور چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی تیمور خان کی ہدایات پر انچارج (بقیہ نمبر 21)

غزہ میں چھ روز کے دوران 6 ہزار بم گرانے کا اعتراف

اسرائیلی بمباری میں مجموعی طور پر شہید ہونیوالوں کی تعداد 1500 سے زائد ہو گئی

یروشلم (اے ایف بی) اسرائیل کی جانب سے غزہ میں بدترین بمباری کا سلسلہ جاری ہے، اسرائیل نے 6 روز میں غزہ پر 6 ہزار بم گرا دیے جبکہ 4 ہزار ٹن بارود برسانے کا بھی اعتراف کیا ہے، اسرائیلی بمباری میں مجموعی طور پر شہید ہونیوالوں کی تعداد 1500 سے زائد ہو گئی جبکہ 6 ہزار فلسطینی زخمی ہیں جن میں بچے اور خواتین بھی شامل ہیں، اسرائیلی حملوں میں 50 سے زائد طبی عملے کے ارکان بھی شہید ہوئے ہیں جبکہ بین الاقوامی ریڈ کراس کمیٹی (آئی سی آر سی) نے خبردار کیا ہے کہ غزہ کے ہسپتالوں میں بجلی کی کمی کی وجہ سے ان کے مردہ خانوں میں تبدیل ہونے کا خطرہ ہے، فلسطینی ہلال احمر نے خبردار کیا ہے کہ اگر غزہ کی پٹی میں ایندھن کے داخلے پر پابندی برقرار رہی تو ایمبولینس خدمات 4 دن کے اندر بند کر دی جائیں گی۔

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

دنیا کے 500 بااثر مسلمانوں کی فہرست جاری

اسلام آباد (این این آئی) دنیا کے 500 بااثر مسلمانوں کی فہرست جاری کر دی گئی، جنرل عاصم منیر، نواز شریف، عمران خان، مفتی تقی عثمانی، مولانا طارق جمیل اور الیاس قادری سمیت کئی پاکستانی شامل ہیں۔ تفصیلات کے مطابق رائل اسلامک اسٹریٹجک اسٹڈیز سینٹر نے دنیا کے 500 بااثر ترین مسلمانوں کی فہرست جاری کر دی ہے۔ فہرست میں خدمت خلق، سائنس، ٹیکنالوجی، میڈیا۔ (بقیہ نمبر 10)

فلسطینی مصر آنے کے بجائے اپنی سرزمین پر ڈٹے رہیں، صدر السیسی

قاہرہ (پینا نیوز) مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی نے فلسطینی پناہ گزینوں کے لیے اپنی سرحد بند کرنے کا جواز پیش کرتے ہوئے کہا کہ فلسطینیوں کو غزہ چھوڑ کر ہمارے ملک میں آنے کے بجائے اپنی سرزمین پر اسرائیل کے خلاف ڈٹے رہنا چاہیے۔ العربیہ اردو نیوز کے مطابق صدر عبدالفتاح السیسی (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا، بلوخیل برادری نے کلو برادری کے جاری دشمنی دوستی میں بدل

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے علاقہ کی اہم شخصیات کی کاوش سے کنڈل کے بلوخیل اور کلوانوالہ کے کلو برادریوں کے درمیان دوہرے قتل کی دشمنی صلح میں بدل گئی۔ سرگودھا ریجن کے علاقہ عیسیٰ خیل کنڈل کی بلوخیل برادری اور کلوانوالا کی کلو برادری کے درمیان دو سال سے دوہرے قتل کی دشمنی چلی آ رہی تھی جس میں بلوخیل برادری نے کلو برادری کے دو افراد کو قتل کر دیا تھا اس دشمنی میں صلح کی تقریب نواب ملک وحید خان آف (بقیہ نمبر 14)

پشاور؛ سرعام موبائل فون سم فروخت کرنے پر پابندی عائد

پشاور (پینا نیوز) موبائل فون سمز کی سرعام فروخت پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ڈی سی پشاور نے موبائل سم کا غیر قانونی استعمال روکنے کے لیے موبائل فون سم کی سرعام فروخت کرنے پر پابندی لگاتے ہوئے دفعہ 144 نافذ کر دی ہے، جس کے تحت بغیر اجازت موبائل فون سم فروخت کرنا ممنوع ہوگا۔ انتظامیہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے ذریعے ڈی سی پشاور نے پولیس کو غیر قانونی طریقوں سے موبائل سم فروخت کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کر دی ہے۔

کروڑ پتی تاجر کا بیٹا اغواء، تین کروڑ روپے تاوان طلب

پولیس نے مغوی کو بازیاب کر کے تینوں اغواء کاروں کو عدالت میں پیش کر دی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا ریجن کے علاقہ میں کروڑ پتی تاجر کے بیٹے کو اغواء کر کے تین کروڑ روپے تاوان طلب کر لیا گیا جس میں پولیس اور ادارہ نے واردات کو ٹریس کرتے ہوئے مغوی کو بازیاب کر کے تینوں اغواء کاروں کو گرفتار کر کے خصوصی سرگودھا میں پیش کر دیا جہاں مقدمہ کے گواہان کے بیانات قلم بند کرتے ہوئے جج نے مزید (بقیہ نمبر 9)

سرگودھا، زمین کے تنازعہ پر دو گ